Registration No.3942
www.idealpakistannews.com
ABC CERTIFIED

DAILY IDEAL PAKISTAN
روزنامہ
آئیڈیل پاکستان
بانی: غلام مصطفیٰ جتوئی
چیف ایڈیٹر: ساجد جتوئی
0333-9233351
ملتان
اسلام آباد
ایڈیٹر: ڈاکٹر بلال راؤ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: عارف محمود قریشی

جلد 14 | پیر 23 دسمبر 2024ء 20 جمادی الثانی 1446ھ 07 پوہ 2081 ب قیمت 15 روپے | شمارہ 101

وزیراعظم نے سپیکر کی تجویز پر حکومتی اتحاد کے ممبران پر مشتمل مذاکراتی کمیٹی تشکیل دیدی

کمیٹی میں اسحاق ڈار، رانا ثنا، عرفان صدیقی، راجہ پرویز اشرف، نوید قمر، خالد مقبول صدیقی، علیم خان، چوہدری سالک شامل

امید ہے ملکی سلامتی، قومی مفاد کو مقدم رکھا جائے گا، پاکستان ہے تو ہم سب ہیں، سپیکر قومی اسمبلی کی کاوش کو سراہتا ہوں' شہباز شریف

لاہور (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اسپیکر قومی اسمبلی کی تجویز پر حکومتی اتحاد کے ممبران پر مشتمل 8 رکنی مذاکراتی کمیٹی تشکیل دے دی۔ کمیٹی میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، رانا ثنا اللہ خان، سینیٹر عرفان صدیقی، راجہ پرویز اشرف، نوید قمر، ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی، علیم خان اور چوہدری سالک حسین شامل ہیں۔ گزشتہ رات چیئرمین تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے اسپیکر قومی اسمبلی سے مذاکرات کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کی درخواست کی تھی۔ بیرسٹر گوہر نے تحریک انصاف کے ساتھ مذاکرات کی پیشکش پر زور دیا تھا وزیراعظم شہباز شریف نے اسپیکر قومی اسمبلی کی تجویز مانتے ہوئے حکومتی اتحاد کی مذاکراتی کمیٹی تشکیل دی ہے۔ وزیراعظم نے اس امید کا اظہار کیا ہے کہ ملکی سلامتی اور قومی مفاد کو مقدم رکھا جائے گا۔ شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان ہے تو ہم (بقیہ نمبر 1)

راولپنڈی، پاک فوج کے سربراہ جنرل سید عاصم منیر وانا دورے کے دوران افسران اور جوانوں سے خطاب کر رہے ہیں

پی ٹی آئی کا سول نافرمانی کی مرحلہ وار تحریک شروع کرنے کا اعلان

مذاکرات سے متعلق بات کرنے پر قومی اسمبلی کے اسپیکر کا شکر گزار ہوں' بات چیت

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے آج پیر سے سول نافرمانی کی تحریک مرحلہ وار شروع کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے پی ٹی آئی کے مرکزی سیکریٹری اطلاعات شیخ وقاص اکرم نے کہا ہے کہ کل سے سول نافرمانی کی مرحلہ وار تحریک شروع ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت مذاکرات کے معاملے پر غیر سنجیدہ ہے، تاحال حکومت کی جانب (بقیہ نمبر 2)

شہداء کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جائیگا، آرمی چیف

مسلح افواج کا عزم، حوصلہ، قوم کی یکجہتی کا سنگ بنیاد' پاک فوج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے جوان جنہوں نے بھرپور بہادری اور بے لوث جذبے کا اظہار کیا ہے قوم کے ہیرو ہیں' وانا کے دورے کے دوران جوانوں افسران سے گفتگو

ہر قسم کی انتہا پسندی اور دہشت گردی کے خاتمے اور ملک میں امن واستحکام یقینی بنانے کا عزم کر رکھا ہے، فتنۃ الخوارج کے سہولت کاروں، مالی امداد دینے والوں اور کارروائیوں کرنے والوں کا تعاقب کریں گے' جنرل سید عاصم منیر

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ شہداء پاکستان کا فخر ہیں، ان کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جائیگا، ہر قسم کی انتہا پسندی اور دہشتگردی کے خاتمے اور ملک میں امن واستحکام یقینی بنانے کا عزم کر رکھا ہے، فتنۃ الخوارج کے سہولت کاروں، مالی امداد دینے (بقیہ نمبر 3 3)

دہشتگردی کی لعنت کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رکھیں گے' صدر زرداری

سیکیورٹی فورسز ملک کی حفاظت کے لیے سیسہ پلائی دیوار کی مانند کھڑی ہیں' وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری کا کہنا ہے کہ دہشت گردی کی لعنت کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری رکھیں گے۔ صدر آصف زرداری نے جنوبی وزیرستان میں چیک پوسٹ پر دہشت گرد حملے کی مذمت کرتے ہوئے حملے میں 16 بہادر جوانوں کی شہادت پر (بقیہ نمبر 3 4)

کراچی' وفاقی وزیر داخلہ کا پاسپورٹ آفس عوامی مرکز اور نادرا سینٹر ڈیفنس کا دورہ

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے پاسپورٹ آفس عوامی مرکز اور نادرا سینٹر ڈیفنس کا دورہ کیا اور وہاں (بقیہ نمبر 3 2)

کراچی، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی پاسپورٹ آفس اور نادرا سینٹر کا دورہ کر رہے ہیں

پاور سیکٹر کیلئے مزید 50 ارب روپے زائد کی سبسڈی جاری کرنے کا فیصلہ

مزید 50 ارب روپے کے بعد پاور سیکٹر کو جاری کی گئی سبسڈی کی مجموعی مالیت 209 ارب روپے سے بڑھ جائے گی

پاور سیکٹر کے سرکلر ڈیٹ کے حوالے سے آئی این ایف کے ہدف کو بآسانی حاصل کرلیا جائے گا' حکومتی ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) بجلی کے شعبے کے لیے مزید 50 ارب روپے سے زائد کی سبسڈی جاری کرنیکا فیصلہ کرلیا گیا، رواں مالی سال اب تک پاور سیکٹر سبسڈی کی مد میں 159 ارب روپے جاری کیے جاچکے ہیں۔ حکومتی ذرائع نے بتایا کہ پاور سیکٹر کے لیے مزید 50 ارب روپے سے زائد کی (بقیہ نمبر 3)

عمران خان اور بشریٰ بی بی کیخلاف 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس کا فیصلہ مؤخر، (آج) نہیں سنایا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کے خلاف 190 ملین پاؤنڈ (بقیہ نمبر 5)

قوم شہید جوانوں کے خون کے ہر قطرے کا حساب لے گی، بلاول بھٹو

چیئرمین پیپلزپارٹی کی خیبر پختونخوا میں سیکیورٹی چیک پوسٹ پر دہشتگردانہ حملے کی مذمت

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلزپارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ پاکستانی قوم اپنے شہید جوانوں کے خون کے ہر قطرے کا حساب لے گی۔ پی پی پی چیئرمین بلاول بھٹو نے خیبر پختونخوا میں سیکیورٹی چیک پوسٹ پر دہشتگردانہ حملے کی مذمت کی (بقیہ نمبر 4)

برآمدات بڑھائے بغیر پاکستان کے معاشی مسائل حل نہیں ہوسکتے' وفاقی وزیر خزانہ

برآمد کنندگان کے مسائل حل کرینگے' سینیٹر اورنگزیب، وزیر تجارت جام کمال، وزیر دفاع خواجہ آصف سے پی سی ایم ای اے کے وفد کی اہم ملاقات

سرکلر کو فی الفور واپس لیا جائے' پی سی ایم ای اے کے وفد نے طورخم بارڈر کے مسائل، اسٹیٹ بینک سرکلر ایف ای 2/2023 پر تحفظات سے آگاہ کیا

اسلام آباد /لاہور (این این آئی) پاکستان کارپٹ مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے وفد نے طورخم بارڈر کے گھمبیر مسائل اور اسٹیٹ بینک کے سرکلر ایف ای 2/2023 پر تحفظات سے آگاہی کیلئے وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اور وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے تفصیلی ملاقات کی، اس موقع پر وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف بھی موجود تھے۔ ملاقات میں پاکستان کارپٹ مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے پیٹرن انچیف عبداللطیف ملک، چیئرمین میاں عتیق الرحمان، سینئر رہنما اعجاز بٹ، عثمان اشرف اور میجر (ر) اختر نذیر نے ہاتھ سے بنے قالینوں کی صنعت کی نمائندگی کی۔ ملاقات میں صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اکرام الحق سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ پی سی ایم ای اے کے پیٹرن انچیف عبداللطیف ملک اور چیئرمین میاں عتیق الرحمان نے وفاقی وزیر خزانہ (بقیہ نمبر 8)

وفاقی وزیر سینیٹر اورنگزیب، جام کمال، خواجہ آصف کو پی سی ایم ای اے کے پیٹرن انچیف عبداللطیف ملک، ودیگر پر مشتمل وفد مسائل سے آگاہ کر رہا ہے

متضاد بیانات کی وجہ سے پی ٹی آئی رہنماؤں کی نیت میں شک نظر آتا ہے' خواجہ آصف

کسی نے کرم کے حالات پر توجہ نہیں دی، زمین کے ایک ٹکڑے کا جھگڑا تھا جو بعد میں فرقہ وارانہ صورت اختیار کرگیا

اسمبلی ملک کا سب سے زیادہ معتبر ادارہ ہے، اس کے فلور کو پی ٹی آئی مسئلہ کے حل کے لیے استعمال کرے، وزیر دفاع

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) نے ابھی تک کسی سطح پر رابطہ نہیں کیا، مذاکرات کے حوالے سے متضاد بیانات کی وجہ سے پارٹی کے رہنماؤں کی نیت میں شک نظر آتا ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے ضلع کرم کے حالات خراب تھے اور وہاں کی صوبائی حکومت وفاق پر حملے کرنے میں مصروف تھی۔ وزیر دفاع نے شکوہ کیا کہ کسی نے کرم کے حالات پر توجہ نہیں دی، زمین کے ایک ٹکڑے کا جھگڑا تھا جو بعد میں فرقہ وارانہ صورت اختیار کرگیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ قومی مسئلہ ہے، اس میں سیاست کو شامل نہیں ہونا چاہیے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ اسمبلی ملک کا سب سے زیادہ معتبر ادارہ ہے، اس کے فلور کو پی ٹی آئی مسئلہ کے حل کے لیے استعمال کرے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ پی ٹی آئی نے ابھی تک کسی سطح پر اپروچ نہیں کیا، (بقیہ نمبر 6)

لاہور، وزیراعظم شہباز شریف وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی ملاقات کر رہے ہیں

اسرائیل کی غزہ جنگ، 45227 فلسطینی قتل، 107573 زخمی

غزہ (این این آئی) غزہ میں ساڑھے چودہ ماہ سے جاری اسرائیل کی طویل ترین (بقیہ نمبر 7)

چیمپئنز ٹرافی کے حوالے سے کراچی کو خوشخبری دیں گے، محسن نقوی

کراچی (این این آئی) پی سی بی کے چیئرمین محسن نقوی نے کہا ہے کہ چیمپئنز (بقیہ نمبر 10)

چہرے بدلنے سے حالات ٹھیک نہیں ہونگے، حافظ نعیم الرحمٰن

پاکستان میں اس وقت 10 کروڑ لوگ غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزار رہے ہیں

سخاکوٹ (مانیٹرنگ ڈیسک) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ پاکستان میں اس وقت 10 کروڑ لوگ غربت کی لکیر سے نیچے زندگی گزار رہے ہیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ مہنگائی اور بیروزگاری کے دور میں زندگی گزارنا (بقیہ نمبر 9)

دیکھنا ہوگا حکومت مذاکرات کو لے کر کتنی سنجیدہ ہے، عمر ایوب خان

ہمارے مطالبات حکومت کے سامنے ہیں، ڈیمانڈ آئی تو اس پر سوچیں گے، رہنما پی ٹی آئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور قومی اسمبلی کے اپوزیشن لیڈر عمر ایوب خان نے کہا ہے کہ دیکھنا ہوگا مذاکرات کو لے کر حکومت کی سنجیدگی کتنی ہے۔ (بقیہ نمبر 11)

چینی کمپنیاں پاکستانی انجینئرز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو فروغ دینے میں پیش پیش

چینی کمپنیوں کیساتھ پاکستانی انجینئرز کو جدید انجینئرنگ ٹیکنالوجی سیکھنے کا موقع ملا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چینی کمپنیاں پاکستانی انجینئرز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو فروغ دینے میں پیش پیش، پاکستانی انجینئرز کو جدید انجینئرنگ ٹیکنالوجی سیکھنے کا موقع ملا۔ گوادر پرو کے (بقیہ نمبر 12)

نارووال، وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی احسن اقبال تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

2024 مہنگائی تاریخی بلندی سے نیچے آگئی ثمرات عوام تک نہ پہنچے

وفاقی وصوبائی وزرا مہنگائی میں کمی کے دعوے تو کرتے رہے لیکن بدقسمتی سے مارکیٹوں میں اشیائے ضروریہ کے نرخوں میں کمی نہ ہوسکی

جنوری میں مہنگائی بڑھنے کی شرح 28 اعشاریہ 3 فیصد تھی جو دسمبر میں کم ہو کر سنگل ڈیجٹ یعنی محض ساڑھے 6 فیصد تک محدود ہو چکی ہے

کراچی (این این آئی) رواں برس مہنگائی تاریخ کی بلند ترین شرح کو چھو کر ساڑھے 6 سال کی کم ترین سطح پر آگئی لیکن مہنگائی میں کمی کے ثمرات عوام تک نہ پہنچ سکے۔ حکومتی اعداد وشمار کے مطابق سال کا آغاز ہوا تو سالانہ مہنگائی کی شرح 28.3 فیصد اور ہفتہ وار شرح 44.6 فیصد تھی، سال کے دوران مہنگائی بڑھنے کی شرح ہر آنے والے ہفتے اور مہینے کیساتھ کم ہوتی رہی۔ وفاقی وصوبائی وزرا مہنگائی میں کمی کے دعوے تو کرتے رہے لیکن بدقسمتی سے (بقیہ نمبر 31)

شیر افضل مروت کی پارٹی کو سول نافرمانی کی تحریک موخر کرنے کی تجویز

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شیر افضل (بقیہ نمبر 30)

بھارتی فورسز نے سوپور، بانڈی پورہ سے تین نوجوان گرفتار کرلئے

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں بھارتی فوجیوں نے ضلع بارہمولہ کے علاقے یارگ (بقیہ نمبر 25)

سرینگر میں آتشزدگی کے دو الگ الگ واقعات میں چار رہائشی مکانات جل کر خاکستر

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں ضلع سرینگر کے علاقوں صورہ اور شالیمار میں (بقیہ نمبر 24)

پاکستان سے حج اور عمرہ کے لیے نہ کوئی بھکاری جائیگا اور نہ ہی منشیات فروش، حافظ طاہر محمود اشرفی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان علماء کونسل حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ پاکستان سے حج اور عمرہ کے لیے نہ کوئی بھکاری جائے گا اور نہ ہی منشیات فروش۔ ایک بیان میں (بقیہ نمبر 23)

یونان کشتی حادثے کا ملزم فرار، پولیس کا ایف آئی اے کا لاعلم رکھنے کا بیان مسترد

16 دسمبر کو ریمانڈ ختم ہونے پر عدالت نے ملزم کی ضمانت منظور کی، ایک روزہ نوٹس پر جوڈیشل کردیا

سیالکوٹ (این این آئی) ڈی پی او سیالکوٹ نے یونان کشتی حادثے کے مرکزی ملزم عثمان جج کی رہائی سے متعلق ایف آئی اے کو لاعلم رکھنے کا بیان مسترد کردیا۔ ڈی پی او سیالکوٹ نے کہا کہ ایف آئی اے کو صورتِ حال سے آگاہ کیا تھا، اس کے باوجود ایس ایچ او اور تفتیشی افسر کو (بقیہ نمبر 29)

کراچی، پاکستان رومانیہ بزنس کونسل کے وفد کے ارکان کا مشیر قانونی امور عرفان قادر اور ڈی جی قانونی امور ضیاء الرشید عباسی سے ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

علی امین گنڈاپور کیخلاف پنجاب میں 56 سے زائد مقدمات درج

گنڈاپور کے خلاف پنجاب کے مختلف شہروں میں درج مقدمات کی تفصیلات سامنے آگئیں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کے خلاف پنجاب کے مختلف شہروں میں درج مقدمات کی تفصیلات سامنے آگئیں۔ علی امین گنڈاپور کے خلاف پنجاب میں 56 سے زائد مقدمات درج ہیں۔ دستاویز کے مطابق وزیراعلیٰ کے خلاف سب سے زیادہ مقدمات (بقیہ نمبر 28)

مریدکے، وفاقی وزیر صنعت وپیداوار رانا تنویر حسین کا پی پی 139 کے ضمنی الیکشن میں کامیابی کی خوشی میں منعقدہ تقریب کے موقع پر شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

پی ٹی آئی والے پاؤں پڑ رہے ہیں انہیں این آر او نہیں ملے گا' گورنر خیبر پختونخوا

9 مئی کے مجرموں کو سزا احسن اقدام ہے، ملک میں سزا اور جزا کا نظام ہوگا تو ملک ٹھیک ہوگا، مجرموں کو سزائیں نہ ملتی تو مستقبل میں اور بھی حملے ہوتے

پی ٹی آئی میں اختلافات کھل کر سامنے آگئے' ترجمان الگ بات کرتے ہیں، بشریٰ بی بی نے جو کرتوت پنجاب میں کیے اب کے پی میں ہو رہے ہیں

اسلام آباد (آئی این پی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی والے پہلے کسی سے ہاتھ نہیں ملاتے تھے اب پاؤں پڑ رہے ہیں، انہیں این آر او چاہیے جو کسی صورت نہیں ملے گا، انہوں نے 9 مئی کے مجرموں کو فوجی عدالت سے ملنے والی سزا کو احسن اقدام قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ملک میں سزا اور جزا کا نظام ہوگا تو ملک ٹھیک ہوگا، مجرموں کو سزائیں نہ ملتی تو مستقبل میں اور بھی حملے ہوتے۔ اپنے ایک بیان میں فیصل کریم کنڈی نے (بقیہ نمبر 13)

مذاکرات کے نتیجے میں جرائم کی سزا سے چھوٹ نہیں ملے گی، بلال اظہر کیانی

جہلم (این این آئی) چیئرمین قومی پارلیمانی ٹاسک فورس برائے ترقیاتی اہداف (بقیہ نمبر 15)

پاور سیکٹر کیلئے مزید 50 ارب روپے سے زائد کی سبسڈی جاری کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) بجلی کے شعبے کے لیے مزید 50 ارب روپے سے (بقیہ نمبر 16)

چیئرمین تحریک انصاف بیرسٹر گوہر کا حکومتی مذاکراتی کمیٹی کی تشکیل کا خیر مقدم

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے چیئرمین (بقیہ نمبر 17)

چین سے خریدی گئی الیکٹرک بسوں کی پہلی کھیپ شپنگ کیلئے تیار

27 بسوں کی کھیپ جلد لاہور پہنچے گی، پنجاب کے مختلف اضلاع کیلئے 600 بسیں خریدی جائیں گی

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب کے صوبائی دارالحکومت لاہور کیلئے چین سے خریدی جانے والی ماحول دوست الیکٹرک بسوں کی پہلی کھیپ شپنگ کیلئے تیار ہے۔ بتایا گیا (بقیہ نمبر 14)

وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ سرپرائز وزٹ کے دوران ملیر ایکسپریس وے کے تعمیراتی کام کا معائنہ کر رہے ہیں

الیکشن 2024 میں تین جماعتوں کو انکے حصے سے زیادہ نشستیں ملیں، فافن

تحریک لبیک پنجاب میں 5 فیصد ووٹ لینے کے باوجود کوئی نشست نہ جیت سکی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) فافن نے انتخابات 2024 کے نتائج کے حوالے سے رپورٹ جاری کردی۔ فری اینڈ فیئر الیکشن نیٹورک (فافن) کی رپورٹ میں قومی اور صوبائی (بقیہ نمبر 18)

پاک بحریہ کے جہازوں کا خلیج عرب کے ممالک کویت اور عراق کا دورہ

پاکستانی سفارتی اور میزبان بحریہ کے اعلیٰ حکام نے پاک بحریہ کے جہازوں کا پرتپاک استقبال کیا

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) پاک بحریہ کے جہازوں نے خلیج عرب میں تعیناتی کے دوران کویت اور عراق کا دورہ کیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق (بقیہ نمبر 19)

غزہ میں صیہونی فورسز کی شیلنگ سے مزید 21 فلسطینی شہید

غزہ (این این آئی) غزہ میں اسرائیلی بربریت کا سلسلہ نہ رک سکا، صیہونی فورسز کی شیلنگ سے گزشتہ 24 گھنٹوں (بقیہ نمبر 22)

پی ٹی آئی کا عمران خان کی ہدایت پر فواد چوہدری سے مکمل لاتعلقی کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) نے سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری سے مکمل طور پر لاتعلقی (بقیہ نمبر 20)

ایف آئی اے کی وزیرآباد میں کارروائی، یونان کشتی حادثے کا اہم ملزم گرفتار

گرفتار ملزم نے غیر قانونی طور پر گئے 5 افراد سے 85 لاکھ روپے لیے تھے' ترجمان

وزیرآباد (این این آئی) وفاقی تحقیقاتی ایجنسی (ایف آئی اے) نے وزیرآباد میں کارروائی کر کے یونان کشتی حادثے کے اہم ملزم کو گرفتار کرلیا۔ ایف آئی اے کے ترجمان مطابق گرفتار (بقیہ نمبر 26)

رحیم یار خان' پولیس آپریشن' 2 مغویوں کو بحفاظت بازیاب کرالیا گیا

بازیاب افراد کو چند روز قبل گڈو، کشمور روڈ پر چوک سویترا کے قریب سے اغواء کیا گیا تھا' پولیس

رحیم یار خان (این این آئی) رحیم یار خان پولیس نے بھونگ سے متصل راجن پور کے سرحدی علاقے میں ٹارگیٹڈ آپریشن کرتے ہوئے 2 مغویوں کو بحفاظت بازیاب کرالیا (بقیہ نمبر 27)

سعد رفیق چاہیں آجائیں جہانگیر ترین اور جاوید لطیف کو جمع میں نہیں لے سکتا

نواز شریف کی لندن واپسی پر خود استقبال کیلئے نہیں گیا' ایک شادی پر تھا، جھوٹ بولنا ہوتا تو کہہ دیتا ٹریفک جام کی وجہ سے پہنچ نہیں سکا

کوئی تسلیم کرے یا نہ کرے سیاسی طور پر بانی پی ٹی آئی کو عوام کی حمایت حاصل ہے، عمران خان کے معاملے پر امریکہ کا دباؤ بڑھ سکتا ہے

لاہور (این این آئی) عوام پاکستان پارٹی کے کنوینئر وسابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ خرم دستگیر اور میاں جاوید لطیف کو اپنی جماعت میں نہیں لے سکتا تاہم اگر خواجہ سعد رفیق چاہیں تو ان کا خیر مقدم کیا جائے گا، خرم دستگیر اور میاں جاوید لطیف کو صرف اس وجہ سے اپنی پارٹی میں نہیں لے سکتا کہ وہ ناراض ہیں ہاں اگر وہ دونوں یہ سمجھتے ہیں کہ ہماری پارٹی اصولوں پر کھڑی ہے تب انہیں لیا جاسکتا ہے، اڈیالہ جیل جا کر عمران خان سے (بقیہ نمبر 21)

پنجاب کے صوبائی دارالحکومت لاہور کیلئے چین میں تیار ہونیوالی الیکٹرک بسیں

جدید اسٹریمنگ ایپ "میٹ" باضابطہ طور پر لانچ کردی گئی

افتتاحی تقریب میں وسیم اکرم، راکھی ساونت اور پتلو کی شرکت

شارجہ (بیورو رپورٹ) جدید اسٹریمنگ ایپ "میٹ" باضابطہ طور پر لانچ کردی گئی ہے اس ایپ کو متحدہ عرب امارات سے تعلق رکھنے والے پاکستانی ٹائیکون معین چوہدری نیلا نچ کیا ہے جسے ٹک ٹاک اور فیس بک جیسی بڑی کمپنیوں سے مقابلہ کرنے کے لیے تیار کیا گیا ہے، شارجہ انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں ہونے والی افتتاحی تقریب میں سابق پاکستانی لیجنڈ کرکٹر وسیم اکرم، بالی ووڈ ڈراما کوئین راکھی ساونت اور سوشل میڈیا سنسنی پتلو نے شرکت کی جس کا مقصد انڈسٹری کی بڑی شخصیات کو چیلنج کرنا تھا، اس موقع پر وسیم اکرم نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ایپ کو "مستقبل کے لیے مثبت قدم" قرار دیا اور بالی ووڈ ڈرامہ کوئین راکھی ساونت نے اپنے منفرد انداز سے ناظرین کو محظوظ کرتے ہوئے نئے ممبران کو میٹ میں شامل ہونے کی پرجوش دعوت دی، وسیم اکرم کی رہنمائی، راکھی ساونت کے ڈرامے اور پتلو کے مزاح کی وجہ سے میٹ ایپ کا مقصد اسٹریمنگ کی دنیا کا حقیقی "سکندر" بننا ہے، پتلو جو اپنے مزاحیہ ویڈیوز کے لئے مشہور ہیں نے تقریب اور پریس کانفرنس میں مزید جوش وخروش پیدا کیا، اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے معین چوہدری کا کہنا تھا کہ میٹ ایک اہم پلیٹ فارم ہے جو فیس بک اور ٹک ٹاک جیسی عالمی کمپنیوں کو چیلنج کرنے کے لیے تیار ہے، ہمارا مقصد دنیا بھر میں صارفین کو ایک بے مثال اسٹریمنگ تجربہ فراہم کرنا ہے جو تفریح، رابطے اور تخلیقی صلاحیتوں کو یکجا کرتا ہے، ایپ کی خصوصیات پر روشنی ڈالتے ہوئے معین چوہدری نے وضاحت کی کہ میٹ ایچ ڈی اور 4 کے کوالٹی میں ہموار ویڈیو اسٹریمنگ پیش کرے گا۔ اس کے علاوہ صارفین کو بالی ووڈ اسٹارز، پاکستانی اور بین الاقوامی شخصیات کے ساتھ ساتھ انفلوئنسرز کے ساتھ لائیو سیشنز میں مشغول ہونے کا موقع ملے گا، جو عام سامعین کے ساتھ براہ راست بات چیت اور رابطہ فراہم کرے گا، ایپ کے جدید ٹولز اور فلٹرز کے ساتھ مختصر ویڈیوز بنانا اور شیئر کرنا پہلے سے کہیں زیادہ آسان ہوگا، معین چوہدری نے میڈیا کو بتایا کہ میں کسی کو بھی ٹک ٹاک یا کسی اور پلیٹ فارم کو چھوڑنے کے لیے نہیں کہوں گا جہاں وہ کمارہے ہیں، لیکن میں ان کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ وہ میٹ جوائن کریں۔ فرق واضح ہو جائے گا۔ "یہ ایپ مونیٹائزیشن کے مواقع پیش کرتی ہے جہاں مواد تخلیق کرنے والے اشتہارات اور ایپ میں خریداری کے ذریعے کما سکتے ہیں، جس سے عام صارفین کے لئے آمدنی کا اہم موقع فراہم ہوتا ہے، ایپ کی عالمی برادری صارفین کو دنیا بھر کے لوگوں کے ساتھ تبصروں، لائکس اور تعاون کے ذریعے رابطہ قائم کرنے کے قابل بنائے گی۔ مصنوعی ذہانت سے چلنے والی سفارشات ہر صارف کے مفادات کے مطابق ذاتی مواد فراہم کریں گی، معین چوہدری نے اس بات پر بھی روشنی ڈالی کہ یہ ایپ خواتین کے لیے مکمل تحفظ کو یقینی بنائے گی اور میٹ کو خاندانوں میں مقبول بنانے کی کوشش کی جائے گی، شارجہ کرکٹ اسٹیڈیم میں لانچ تقریب میں حاضرین نے غیر معمولی جوش و خروش کا مظاہرہ کیا اور اپنے پسندیدہ ستاروں کو ذاتی طور پر دیکھنے اور اس موقع کے جوش وخروش کو محسوس کرنے کے موقع کا بیتابی سے انتظار کیا، شارجہ کرکٹ گراونڈ کے شاندار ماحول نے اس تاریخی ایونٹ کو ایک یادگار لمحہ بنادیا۔

جہلم، جہلم کرکٹ اسٹیڈیم کی بحالی اور تزئین وآرائش کے لیے میونسپل کمیٹی اور سماجی شخصیت محمد ارشد کے درمیان مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط ہو گئے

معاہدے کے تحت کرکٹ اسٹیڈیم کو نہ صرف جدید سہولیات سے آراستہ کیا جائے گا

ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی جہلم صبا سحر اور سماجی شخصیت محمد ارشد جہلم سٹیڈیم کی بحالی کے معاہدے پر دستخط کر رہے ہیں۔ ڈی سی جہلم میثم عباس اور سی او مبارک علی بھی موجود ہیں۔

جہلم۔ڈپٹی کمشنر میثم عباس گورنمنٹ سپیشل ایجوکیشن اسکول بلال ٹاؤن کا معائنہ کررہے ہیں۔

جہلم (عارف محمود قریشی ایگزیکٹیو ایڈیٹر) جہلم کرکٹ اسٹیڈیم کی بحالی اور تزئین وآرائش کے لیے میونسپل کمیٹی اور سماجی شخصیت محمد ارشد کے درمیان مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط ہو گئے۔ معاہدے کے تحت کرکٹ اسٹیڈیم کو نہ صرف جدید سہولیات سے آراستہ کیا جائے گا بلکہ دیگر کھیلوں کے لیے بھی قابل استعمال بنایا جائے گا، جس سے نوجوانوں کو مثبت اور تعمیری سرگرمیوں کے مواقع فراہم ہوں گے۔ ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس نے اس موقع پر کہا کہ اس منصوبے سے ضلع جہلم میں کھیلوں کو فروغ ملے گا اور نوجوانوں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کا بہترین پلیٹ فارم میسر آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کھیلوں کی سہولیات کی بہتری کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔ ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی وایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل جہلم صبا سحر اور سماجی شخصیت محمد ارشد نے معاہدے پر دستخط کیے۔ اس موقع پر محمد ارشد نے کہا کہ اوورسیز پاکستانی ہونے کے ناطے ان کا مشن ہے کہ ضلع جہلم کے نوجوانوں کو کھیلوں کے میدان میں ترقی کے بہترین مواقع فراہم کیے جائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ کرکٹ، فٹبال اور دیگر کھیلوں کے لیے جدید معیار کا اسٹیڈیم تیار کیا جائے گا تاکہ نوجوان نسل صحت مند سرگرمیوں میں حصہ لے سکے۔ اس منصوبے پر فوری طور پر کام شروع کیا جائے گا تاکہ نوجوانوں کو جلد از جلد کھیلوں کے میدان میں بہتر سہولیات دستیاب ہوں۔ بعدازاں ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس نیگورنمنٹ سپیشل ایجوکیشن سکول بلال ٹاؤن کا دورہ کرکے زیر تعلیم بچوں سے ملاقات کی اور اعلامیہ کہا کہ خصوصی بچوں کی تمام ضروریات پوری کریں گیا نہوں نے پرنسپل سکول سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سپیشل بچوں کی تعلیم کے لیے تمام اقدامات کئے جارہے ہیں ان کو تمام ضروری سہولیات فراہم کرنا پنجاب حکومت کا عزم ہے۔ مزید برآں کرسمس کے موقع پر مسیحی برادری کو تمام سہولیات فراہم کریں گے تاکہ وہ اپنا مذہبی تہوار جوش وخروش سے منا سکیں یہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل صبا سحر نے کرسمس کی تیاریوں کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں محکمہ صحت، ریسکیو، واپڈا، میونسپل کمیٹی، ضلع کونسل، پولیس اور دیگر محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں کرسمس کے موقع پر پارکوں کی سیکورٹی یقینی بنانے، مکینیکل جھولوں کو چیک کرنے، ہیلتھ سنٹر چوبیس گھنٹے کھلے رکھنے، صفائی اور سٹریٹ لائٹس کا جامع پلان بنانے اور کنٹرول روم کے قیام پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل صبا سحر نے کہا کہ کرسمس کے موقع پر مسیحی برادری کو کسی قسم کی شکایت کا موقع نہ دیا جائے جو ضروری اقدامات ہیں وہ فوری عمل میں لائے جائیں۔ تمام چرچز پر سکیورٹی اور ریسکیو کی خصوصی تعینات کی جائیں۔

پاکستان دنیا کے ان چند ممالک میں شامل ہے جہاں دنیا کے بلند ترین 14 پہاڑوں نانگا پربت اور گیسر برم شامل ہیں، نیاز احمد

اس کے علاوہ پانچ K2 میں واقع ہیں، جن میں 100 سے زائد ایسے پہاڑ ہیں جن کی بلندی 7000 میٹر سے زیادہ ہے

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) پاکستان ایسوسی ایشن آف ٹور اپریٹرز (پاٹو) نے گلگت بلتستان حکومت کی جانب سے رائلٹی فیسوں میں اضافے کو مسترد کرتے ہوئے انکو واپس لینے کا مطالبہ کیا ہے تاکہ سیاحت کے کاروبار کو نقصان سے بچایا جاسکے، سیاحت سے متعلق کسی بھی پالیسی یا فیصلے میں PATO اور اس کی علاقائی تنظیموں (جیسے GBATO اور BAATO) کو شامل کیا جائے تاکہ تمام اسٹیک ہولڈرز کے مفادات کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے، ایک مرکزی ٹورزم اتھارٹی کا قیام عمل میں لایا جائے، جس میں تمام سیاحت سے وابستہ اداروں کو نمائندگی دی جائے اور ان کی مشاورت کو یقینی بنایا جائے، نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے پاکستان ایسوسی ایشن آف ٹور اپریٹرز (پاٹو) کے چیئرمین کیپٹن نیاز احمد سینئر وائس چیئرمین ناصر حسین، نیک نام کریم و دیگر کا کہنا تھا کہ پاکستان دنیا کے ان چند ممالک میں شامل ہے جہاں دنیا کے بلند ترین 14 پہاڑوں نانگا پربت اور گیسر برم شامل ہیں۔ اس کے علاوہ پانچ K2 میں واقع ہیں، جن میں 100 سے زائد ایسے پہاڑ ہیں جن کی بلندی 7000 میٹر سے زیادہ ہے، جو دنیا بھر کے سیاحوں اور کوہ پیماؤں کے لیے کشش کا باعث ہیں، خاص طور پر گلگت بلتستان جو مہم جوئی اور کوہ پیمائی کے لیے جنت کی حیثیت رکھتا ہے، غیر ملکی سیاحوں کے ذریعے پاکستان کی معیشت کو سب سے زیادہ فائدہ پہنچاتا ہے، تاہم حالیہ برسوں میں گلگت بلتستان حکومت نے مہم جوئی کی فیسوں اور رائلٹی چارجز میں غیر متناسب اضافہ کیا ہے، جس سے غیر ملکی اور مقامی سیاحوں کے لیے مشکلات پیدا ہوگئی ہیں، اگر یہ اضافی اخراجات سیاحوں کو منتقل کیجائیں تو وہ نیپال، چین یا بھارت جیسے سستے آپشنز کو ترجیح دیں گینپال نے اپنی سیاحت دوست پالیسیوں کے ذریعے کوہ پیمائی کے شعبے میں نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں، یہ اضافہ مقامی اسٹیک ہولڈرز، جیسے پورٹرز کا لیڈر اور ہوٹلز کے لیے بھی ناقابل برداشت ہیں اور ان کی آمدنی کو متاثر کررہے ہیں اور اس سے پاکستان کی سیاحت بری طرح متاثر ہوگی، انہوں نے وزیراعظم پاکستان اور جی بی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ حالیہ اضافے کو واپس لینے میں کردار ادا کریں تاکہ سیاحت کے کاروبار کو نقصان سے بچایا جاسکیاور پاکستان کی سیاحت کی صنعت کو ترقی دی جاسکے اور اس کے مثبت اثرات مقامی معیشت پر پڑسکیں۔

سیرتِ خاتونِ جنت امت مسلمہ کے لیے مشعل راہ ہے، اکٹر شبیر میثمی

مظلومینِ غزہ اور پارہ چنار کے حالات پر امت کی توجہ ناگزیر ہے، شیعہ رہنماء



اسلام آباد (سٹی رپورٹر) جماعت اہل حرم پاکستان کے زیر اہتمام منعقدہ "خاتونِ جنت کانفرنس" میں شیعہ علماء کونسل پاکستان کے مرکزی سیکرٹری جنرل و مرکزی نائب صدر ملی یکجہتی کونسل علامہ ڈاکٹر شبیر حسن میثمی نے شرکت کرکے اپنے مختصر و جامع خطاب سے سامعین کے قلوب کو منور کیا۔ یہ کانفرنس حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کی حیاتِ طیبہ کے مختلف پہلوؤں کو اجاگر کرنے اور موجودہ چیلنجز پر امت کی رہنمائی کے لیے منعقد کی گئی تھی۔ علامہ ڈاکٹر شبیر حسن میثمی نے اپنے خطاب میں حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کی سیرت کو موجودہ دور کی مشکلات کے حل کے لیے مشعلِ راہ قرار دیا۔ انہوں نے نہایت جامع انداز میں آپ کی سیرت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ آپ کی حیات امت مسلمہ کے لیے ہر دور میں رہنمائی کا ذریعہ ہے۔ انہوں نے نہ صرف مظلومین غزہ کی حالت زار پر روشنی ڈالی بلکہ پارا چنار کی موجودہ صورتحال کا بھی ذکر کیا اور ان واقعات کو امت مسلمہ کے اتحاد کے لیے لمحہ فکریہ قرار دیا اور کہا کہ یہ وقت جذباتی نعروں سے آگے بڑھ کر عملی اقدامات کرنے کا ہے، پارا چنار کے حالات پر بات کرتے ہوئے علامہ ڈاکٹر شبیر حسن میثمی نے وہاں کے مظلوم عوام کے لیے فوری عملی اقدامات کی ضرورت پر زور دیا، پارا چنار کی سرزمین اتحاد اور بھائی چارے کی علامت ہے اور وہاں کے عوام کو تنہا نہیں چھوڑا جا سکتا، اسی طرح غزہ، لبنان اور شام کے مظلوم مسلمانوں پر صہیونی مظالم کا سلسلہ اس وقت رک سکتا ہے جب پورا عالم اسلام ملکر اس خونخوار درندے کو لگام ڈالے گا، کانفرنس میں علامہ ڈاکٹر شبیر حسن میثمی کے ہمراہ معروف خطیب مولانا فیاض حسین مطہری اور مولانا امداد علی گھلو بھی موجود تھے۔ مرکزی سیکرٹری جنرل نے آخر میں دختر رسول اکرم ص کی ولادت باسعادت کے پرمسرت موقع پر عالم اسلام اور تمام شرکاء کو مبارکباد پیش کی اور مفتی گلزار احمد نعیمی و دیگر جماعتوں کے رفقاء کا شکریہ بھی ادا کیا۔ کانفرنس کے شرکاء نے علامہ ڈاکٹر شبیر حسن میثمی کے خطاب کو موجودہ حالات میں امت مسلمہ کے لیے ایک واضح اور ٹھوس رہنمائی قرار دیا۔ کانفرنس کے اختتام پر شرکاء نے فلسطین، پارہ چنار اور دیگر مظلومین کے لیے دعا بھی کی۔

اسلام آباد، ڈپٹی کمشنر آفس مری میں اجلاس کا انعقاد

جلاس میں ڈیزاسٹر مینجمنٹ/ ماسٹر پلان اور سیفٹی کے انتظامات کا جائزہ لیا گیا،

اسلام آباد (ثاقب خان کھٹڑ) سینئر ممبر بورڈ آف اسلام اباد (ثاقب خان کھٹڑ) سینئر ممبر بورڈ ٹاف ریونیو نبیل جاوید کی صدارت میں مری ماسٹر پلان/ ڈیولپمنٹ پلان اور سرمائی سیزن کے پیش نظر ڈپٹی کمشنر آفس مری میں اجلاس کا انعقاد۔ اجلاس میں ضلع مری کے تمام محکموں کی جانب سے بنائے جانے والے سرمائی سیزن/ برف باری کور پلان سمیت دیگر اہم انتظامات بروقت مکمل کروانے پر ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی جانب سے تفصیلی بریفنگ دی گئی، اجلاس میں ڈیزاسٹر مینجمنٹ/ ماسٹر پلان اور سیفٹی کے انتظامات کا جائزہ لیا گیا، اس موقع پر سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو کا کہنا تھا تمام محکموں کے افسران انتظامات بروقت مکمل کروائیں اور سرمائی سیزن/ برف باری پر ضلع مری میں قائم ہر ایک محکمہ ماسٹر کور پلان پر عمل کرے، اجلاس ڈسٹرک پولیس آفیسر مری آصف علی آمین، اے ڈی سی آر مری کیپٹن ریٹائرڈ شہریار شیرازی، چیف ٹریفک آفیسر مری مغیث احمد ہاشمی، اسسٹنٹ کمشنر مری، اسسٹنٹ کمشنر کوٹلی ستیاں، ڈویژنل فارسٹ آفیسر مری، محکمہ ہاء وے، انچارج محکمہ صحت، افسران ضلعی وتحصیل انتظامیہ، سول ڈیفنس، محکمہ تعلیم، واپڈا، سوئی گیس، ویسٹ مینجمنٹ، این ایچ اے مری، محکمہ موسمیات، ٹی ڈی سی پی، ایم سی مری، ایم سی کوٹلی ستیاں سمیت دیگر محکموں کے سربراہان نے شرکت کی

جہلم، گورنمنٹ گریجویٹ کالج آف کامرس بلال ٹاؤن جہلم کا ایک اور شاندار اعزاز

2024 میں ہائیر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی داخلہ مہم میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ

جہلم (عارف محمود قریشی اوورسیز بیورو چیف) گورنمنٹ گریجویٹ کالج آف کامرس بلال ٹاؤن جہلم کا ایک اور شاندار اعزاز، 2024 میں ہائیر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی داخلہ مہم میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ۔ بیسٹ اسکیور ایوارڈ حاصل کرلیا۔ بہترین کارکردگی پر ادارے کے پرنسپل پروفیسر طارق عزیز کو ان کی بہترین کارکردگی پر Outstanding Achievement شیلڈ اور Appreciation Certificate سے نوازا گیا۔ اس سلسلہ میں محکمہ ہائیر ایجوکیشن نے گورنمنٹ وقار انساء گریجویٹ کالج راولپنڈی میں ایک شاندار تقریب منعقد کی گئی۔ وزیر تعلیم رانا سکندر حیات مہمان خصوصی تھے۔ ان کے ساتھ سیکریٹری ہائیر ایجوکیشن فرخ نوید بھی موجود تھے۔ انہوں نے بہترین کارکردگی پر پروفیسر طارق عزیز اور ان کی ٹیم کو مبارکباد پیش کی اور شیلڈ اور سرٹیفکیٹ پیش کئے۔ پرنسپل طارق عزیز نے اس کارکردگی کو اپنی ایڈمنسٹریشن ٹیم پروفیسر حماد رضا، پروفیسر نصیر احمد اور پروفیسر حمزہ سعید کے نام کیا جن کی وجہ سے انہیں یہ کامیابی مل سکی۔

ساہیوال، نیویارک چیمبر آف سمال بزنس کارپوریشن کے فاونڈر سید علمدار حسین شاہ کی رہائش گاہ پر کرسمس پروگرام کا انعقاد

نیویارک چیمبر آف سمال بزنس کارپوریشن کی بطور ڈائریکٹر نامزدگی کا ایوارڈ پیش کیا

ساہیوال (رانا محمد سعید) نیو یارک چیمبر آف سمال بزنس کارپوریشن کے فاونڈر سید علمدار حسین شاہ کی رہائش گاہ پر فیضان حیدر۔ صاحبزادے سلیم حیدر گورنر پنجاب کی کرسمس کے پروگرام میں شرکت سید علمدار حسین شاہ نے فیضان حیدر کا شکریہ ادا کیا اور انکو نیو یادک چیمبر آف سمال بزنس کارپوریشن کی بطور ڈائریکٹر نامزدگی کا ایوارڈ پیش کیا اور انکی شمولیت سے پاکستانی اور امریکہ میں سمال بزنس میں بہترین کردار کی توقع کا اظہار کیا۔ کرسمس کے حوالے سے ساہیوال کے بشپ ابرہام عظیم ڈاہنل، پادری دلبر جان، پاسٹر اقبال بشیر، فیصل اکرام، سید اصغر شاہ، ممتاز شیرازی۔ ناصر خان نیازی۔ شیخ نعیم سنیر صحافی۔ نادعلی شاہ۔ سعید سہگلہ ایڈووکیٹ، پروفیسر حماد، شہلا کلاچی، ذکی چوہدری، مرتضی علی، عدنان عباس، عمر شہزاد، اور سول سوسائٹی کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ آخر میں کرسمس کا کیک کاٹا گیا۔

خیر پور، سماجی رہنما بلال احمد مری کو اللہ کی رحمت بیٹی پیدا ہونے پر حمد ونعت کی روحانی محفل منعقد ہوئی

بیٹی کی پیدائش پر مہمانوں کی جانب سے مبارکباد پیش کی گئی

خیر پور (رپورٹ سلیم رضا بیخ) خیر پور شھر کی بلال مسجد کے پیش امام حافظ گلشیر احمد مری کے داماد سماجی رہنما بلال احمد مری کو اللہ کی رحمت بیٹی پیدا ہونے پر حمد ونعت صہ کی روحانی محفل منعقد ہوئی پیدا ہونے والی بیٹی کا نام علیزا رکھا گیا اور مہمانوں کی جانب سے مبارکباد پیش کی گئی مولانا محمد مدنی اف منورہ مدینہ روحانی محفل کے مہمان خاص تھے جبکہ سندھ کے نامور نعت خواں الحاج حاجی امداد اللہ پھلپوٹو محمد یحیی پھلپوٹو علی گوھر دھار یجو اور حفیظ اللہ شیخ نے حمد نعت صہ پیش کر کے خوب داد حاصل کی اس موقعے پر محمد حسین مدنی نے اپنے خصوصی خطاب میں کہا کہ بیٹیاں اللہ تعالی کی رحمت ہیں اور اللہ تعالی تمام بیٹیوں کے نصیب اچھے کرے انہوں کہا کہ اللہ تعالی کے احکام اور نبی کریم صہ کے سنت طریقے میں دنیا۔ کے تمام۔ انسانوں کی کامیابی۔ ہے دنیا۔ کے تمام انسان نبی۔ کریم صہ کے طریقے پر عمل۔ پیرا ہوکر اپنے دونوں جہانوں کو کامیاب بنائیں محفل میں حاجی دھنی بخش مری شاء اللہ مری محمد صدیق خاصخیلی معشوق علی سیال نور۔ محمد مری فداحسین پلپوٹو عبدالغفور مری لال باسط پٹھان حسن رضا اور دیگر شخصیات نے بڑی تعداد مین شرکت کیروحانی محفل میں مشترکہ طور پر عالم انسانیت کے لے دعائے خیر بھی کی گئی اور خیراتی سبیل اللہ کا بھی اہتمام کیا گیا تھا

جو وقت ملے دل میں دکھ رکھ۔ کر بھی خوشی سے جی لیا کرو

جو وقت ملے دل میں دکھ رکھ۔ کر بھی خوشی سے جی لیا کرو کیونکہ لوٹ کر صرف یادیں آتی ہیں وقت نہیں، اسلام اباد پریس کلب میں کلب کے صدر موسٹ سینئر صحافی جناب اظہر خان جتوئی سے ملاقات کی اور پھول پیش کیئے اظہر خان نے ہر ممکن تعاون کرنے کا یقین دلایا میں شکر گذار ہوں اور نیک تمناؤں کے ساتھ بہت ساری دعائیں

لاہور، کرسمس و نیوایئر نائٹ 550 لیٹر دیسی اور 150 بوتل وڈکا شراب برآمد

چوکی فردوس مارکیٹ پولیس نے خفیہ اطلاع اور دوران سنیپ چیکنگ 8 ملزمان کو گرفتار کیا

لاہور (بیورو رپورٹ) کرسمس و نیوایئر نائٹ/ 550 لیٹر دیسی اور 150 بوتل وڈکا شراب برآمد چوکی فردوس مارکیٹ پولیس نے خفیہ اطلاع اور دوران سنیپ چیکنگ 8 ملزمان کو گرفتار کیا ملزمان میں ساغر، سفیر عرف ناجی، عثمان عرف کالی، عمانوایل مسیح، پرویز، عاصم، روکسن مسیح اور ساحل شامل ابتدائی تحقیقات میں ملزمان نے بتایا فون پر آرڈر لیتے تھے اور رات گئے مختلف علاقوں میں شراب سپلائی کرتیکرسمس اور نیو ایئر نائٹ سے 2 دن قبل مطلوبہ لوکیشن پر شراب سپلائی کرنا تھی، ملزمان کو اعتراف ملزمان کیخلاف مقدمات درج، انویسٹیگیشن ونگ کے حوالے، چوکی انچارج سعد افتخار شراب و منشیات کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، ایس پی ماڈل ٹاؤن اخلاق اللہ تارڑ

سستی اور کاہلی سے قوم عظیم نہیں بنتی۔ امداد اللہ شاہد

ٹریننگ کالج زیر تربیت افسران کو ذہنی کشیدگی سے نمٹنے اور خود کو ہر لحاظ سے منظّم کرنے کیلئے سیمینار کا انعقاد کیا گیا

مانانوالہ (بیورو رپورٹ) سستی اور کاہلی سے قوم عظیم نہیں بنتی۔ امداد اللہ شاہد۔ آئی جی نیشنل ہائی وے اینڈ موٹروے پولیس سلمان چوہدری کی خصوصی ہدائیت پہ ڈپٹی کمانڈنٹ NHMP ٹریننگ کالج شیخوپورہ ایس پی امداد اللہ شاہد کی زیر قیادت ٹریننگ کالج زیر تربیت افسران کو ذہنی کشیدگی سے نمٹنے اور خود کو ہر لحاظ سے منظّم کرنے کیلئے سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس میں پنجاب یونیورسٹی کا 125 سالہ ریکارڈ توڑنے والے عالمی شہرت یافتہ ملک پاکستان کے عظیم سکالر/ گیسٹ سپیکر پروفیسر محسن علی نے ذہنی کشیدگی سے نمٹنے اور مسائل درپیش ہونے کے باوجود ایک عظیم انسان بننے کی بابت مفصل روشنی ڈالی۔ یاد رہے کہ پروفیسر محسن علی نے اپنی قابلیت کے بل بوتے پر ملک پاکستان سے چھ گولڈ میڈل حاصل کررکھے ہیں۔ جن میں سے نمایاں وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف سے ہاؤس آف لارڈ۔ UK گولڈ میڈل ہیں۔ اور وزیر اعظم پاکستان کے ہمراہ بطور سفیر لیب ٹاپ سکیم کام بھی کررہے ہیں۔ ڈپٹی کمانڈنٹ ٹریننگ کالج ایس پی رائے امداد اللہ شاہد نے حسب سابق روایت قائم رکھتے ہوئے نہ صرف مہمان نوازی کا شرف حاصل کیا، بلکہ مہمان خصوصی کو الوداع کرتے ہوئے تحائف سے بھی نوازا اس موقعہ پر ڈی ایس پی یاسر ذوالفقار بٹ۔ ڈی ایس پی ظہیر وقاص۔ ڈی ایس پی محمد نذیر۔ پی آر او، سید محمد قوی حیدر سمیت دیگر افسران کی کثیر تعداد موجود تھی۔ ایسے پروگرامز کا مقصد زیر تربیت افسران کی تربیت میں خاطر خواہ اضافہ کرتے ہوئے منظّم بنانا ہے۔

خیر پور: ثوری کی واردات

خیر پور (نمائندہ) خیر پور کے وڈا ماچھیوں تھانے کی حدود میں واقع گوٹھ مانگ ٹرگڑ میں رات کو چھ سات مسلح افراد گورنمنٹ ناز پائلٹ سیکنڈری اسکول کے سابق سینئر ٹیچر عبدالعزیز ٹرگڑ کے بیٹے عبدالقدیر ٹرگڑ کی رات کو خیر پور پیر جو گوٹھ مین روڈ پر گوٹھ کے اسٹاپ کے قریب آٹے کی چکی اور کیٹل فارم سے 7 سے 8 مسلح افراد جدید ہتھیاروں کے زور پر 6 لاکھ مالیت کی گائے کے 2 بڑے بچھڑے چرا کر فرار ہوگئے۔ جس کی وجہ سے علاقے میں خوف ہراس پھیل گیا لوگ عدم تحفظ کا شکار ہوگئے ہیں وڈا ماچھیوں تھانے کی پولیس کا کردار سوالیہ نشان بن گیا ہے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے لائیوسٹاک کے کاروبار سے منسلک پوسٹ گریجویٹ نوجوان عبدالقدیر ٹرگڑ نے احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ پولیس کی نااہلی کی وجہ سے چور ڈاکو دندناتے پھر رہے ہیں جبکہ پولیس سو رہی ہے دن رات چوری ڈکیتی سمیت اسٹریٹ کرائم جیسے جرائم کا ہونا معمول بن چکا ہے جس سے لوگ کروڑوں روپے کے قیمتی سامان و جانوروں سے محروم ہوگئے ہیں۔

سیاسی سرپرائز 2025 میں ہونے کی توقعات، بڑے بڑے بت گر سکتے ہیں۔ ڈاکٹر عشرت العباد

ملک کو مایوسی اور کسی بھی بحران سے نکالنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ بہت تیزی سے تنظیم سازی کا عمل مکمل کر رہے ہیں۔

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سابق گورنر سندھ اور سلوگن میری پہچان پاکستان کے سرپرست اعلی ڈاکٹر عشرت العباد خان نے کہا ہے کہ حکومت کی پوزیشن ابھی بھی بہتر نہیں Uncertainty کا عالم ہے۔ سیاست میں گراف کسی کا بلند ہے تو کسی کا نیچے جارہا ہے۔ حکومت کی غلط پالیسیوں اور اپوزیشن کے رویوں سے Damage Popularity ہوئی ہے۔ بات چیت سے ہی مسئلے حل ہوتے ہیں۔ میری پہچان پاکستان نے ملک بھر میں جڑیں مضبوط کرلی ہیں۔ چار ماہ پہلے میں نے کہا تھا کہ ہم ملک کے لئے کام کررہے ہیں۔ پاکستان کی معیشت کسی بحران کا تحمل نہیں ہوسکتی۔ میری آمد میں زیادہ وقت نہیں چند ماہ لگ سکتے ہیں۔ لیکن میری سوچ ملک کو مضبوط اور سیاست نہیں ریاست ہے۔ سیاست میں وقت لے سکتا ہے۔ میں بہت آگے تک جاچکا ہوں۔ Time Appropriate پر آؤں گا۔ قومی چینل کو جمعہ کو خصوصی انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ تنظیم سازی بہت تیزی سے مکمل ہو رہی ہے۔ اپنے Narrative پر قائم ہیں۔ میزبان ثناء ہاشمی نے کہا کہ سوشل میڈیا پر آپ لوگ بہت Active ہیں۔ اب عملی سیاست کا کیا ارادہ ہے۔ کوئی الیکشن نہیں ہورہا جو ہمیں آکر حصہ لینا ہو۔ میزبان نے کہا کہ ووٹ بنک اب بھی تقسیم ہے آپ کی جماعت سے کیا فرق پڑے گا؟ ڈاکٹر عشرت العباد نے کہا کہ ہم سیاسی عمل کو بھی Consolidate کرتے ہوئے ملک گیر اور پاکستان کی مضبوطی اور بہتر سوچ سے آگے بڑھانا چاہتے ہیں۔ پورے پاکستان میں کام ہورہا ہے۔ چار ماہ پہلے جو انٹرویو دیا تھا اسکے بعد اب صورتحال اب بہت مختلف ہے۔ ہمارے ساتھیوں کی تعداد بہت ہوچکی ہے مصلحت کے تحت بہت سی باتیں سامنے نہیں لاتے۔ ثناء ہاشمی نے کہا کہ 24 مارچ 2013 کو پرویز مشرف کو بھی اے پی ایم ایل نے کراچی میں تاریخی استقبال کا کہا تھا لیکن وہ بری طرح ناکام ہوا۔ جس پر سابق گورنر سندھ نے کہا کہ وہ سیاست دان نہیں تھے۔ لیکن انکے دور میں بہت کام ہوا۔ وہ سیاسی عمل سے واقف نہیں تھے۔ اس لئے انہیں سیاست میں کامیابی نہیں ملی۔ میں حقیقت پسند ہوں۔ زمینی حقائق پر یقین رکھتا ہوں۔ ہم تنظیم سازی میں مصروف ہیں۔ چیف آف آرمی اسٹاف تین مرتبہ کراچی آئے اہم اجلاس کئے انکشافات سے حیران رہ گئے انہوں نے حکومت کی جگہ صنعت کارواں اور آباد و دیگر کا اعتماد بحال کیا۔ معاشی اعشاریئے انکی وجہ سے بہتر ہوئے۔ ملک میں جہاں مشکل آر

بقیہ 1 بقیہ جات

سب ہیں،سپیکر قومی اسمبلی کی کاوش کو سراہتا ہوں

بقیہ 2 بقیہ جات

سے مذاکراتی کمیٹی بھی قائم نہیں کی گئی۔شیخ وقاص اکرم کا کہنا ہے کہ مذاکرات سے متعلق بات کرنے پر قومی اسمبلی کے اسپیکر کا شکر گزار ہوں۔پی ٹی آئی کے رہنما نے مزید کہا کہ ہم درخواست گزار نہیں کہ اسپیکر قومی اسمبلی کے پاس درخواست جمع کریں۔ان کا کہنا ہے کہ حکومت معاملات بہتری کی طرف نہیں لے کر جانا چاہتی۔

بقیہ 3 بقیہ جات

سبسڈی جاری کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا ہے، رواں مالی سال اب تک پاور سیکٹر کو سبسڈی کی مد میں 159 ارب روپے جاری کیے جاچکے ہیں، مزید 50 ارب روپیے زائد کی سبسڈی کا اجرا پائپ لائن میں ہے۔حکومتی ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف سے دسمبر تک طے شدہ ہدف کیمقابلے سرکلر ڈیٹ کا فلو بہت کم ہے، آئی ایم ایف سے طے شدہ دسمبر 2024 کے ہدف کے مطابق پاور سیکٹر کے سرکلر ڈیٹ کا فلو 461 ارب روپے کے اندر برقرار رکھنا ہے جبکہ 19 دسمبر 2024 تک سرکلر ڈیٹ کا ہدف صرف 70 ارب روپے تک پہنچا جو کہ ہدف سے کہیں کم ہے۔حکومتی ذرائع نے توقع ظاہر کی کہ نقصانات میں کمی اور کارکردگی میں اضافے کے نتیجے میں پاور سیکٹر کے سرکلر ڈیٹ کے حوالے سے آئی این ایف کے ہدف کو بآسانی حاصل کرلیا جائے گا۔حکومتی ذرائع کے مطابق مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں پاور سیکٹر کو سبسڈی کی مد میں 128 ارب روپے جاری کیے گئے جبکہ دوسری سہ ماہی میں اب تک 31 ارب روپے سبسڈی کی مد میں جاری کئے جاچکے ہیں۔ذرائع کے مطابق مزید 50 ارب روپے کے بعد پاور سیکٹر کو جاری کی گئی سبسڈی کی مجموعی مالیت 209 ارب روپے سے بڑھ جائے گی۔

بقیہ 4 بقیہ جات

اور جوابی فائرنگ میں 8 دہشتگردوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔بلاول بھٹو نے ضلع جنوبی وزیرستان لکین میں سیکیورٹی فورسز کے 16 بہادر جوانوں کی شہادت پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستانی قوم اپنے شہید جوانوں کے خون کے ہر قطرے کا حساب لے گی۔پیپلز پارٹی کے چیئرمین نے مزید کہا کہ دہشتگردی انسانیت دشمنی ہے، پیپلز پارٹی اس رجحان کے خلاف جنگ میں اپنی سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، شہید اہلکاروں کے ایلخانہ کے غم میں برابر کا شریک ہوں، اللہ تعالی انہیں صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ 5 بقیہ جات

ریفرنس کا فیصلہ کل نہیں سنایا جائے گا۔گزشتہ دنوں احتساب عدالت نے 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس کا فیصلہ محفوظ کیا تھا اور اعلان کیا گیا تھا کہ فیصلہ 23 دسمبر سنایا جائے گا۔ذرائع کے مطابق بانی عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کے خلاف 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس کا فیصلہ (آج) پیر کو نہیں سنایا جائے گا۔ذرائع کے مطابق 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس کی سماعت (آج) پیر کو اڈیالہ جیل کے بجائے احتساب عدالت اسلام آباد میں ہو گی۔ذرائع کے مطابق عدالتی عملے کی جانب سے پی ٹی آئی کے وکلا کو آگاہ کر دیا گیا ہے اور احتساب عدالت اسلام آباد (آج) پیر کو 190 ملین پاونڈ ریفرنس پر فیصلے کی نئی تاریخ دے گی۔ذرائع نے بتایا کہ 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس کا فیصلہ جنوری 2025 کے پہلے ہفتے میں سنایا جائے گا۔خیال رہے کہ 190 ملین پاؤنڈ ریفرنس کا ٹرائل ایک سال میں مکمل ہوا اور نیب نے ٹرائل کے دوران 35 گواہان کے بیانات ریکارڈ کرائے۔بانی پی ٹی آئی کے وکلا نے گواہان پر جرح کی۔190 ملین پاؤنڈ ریفرنس میں اہم گواہان سابق پرنسپل سیکرٹری اعظم خان، سابق وزیراعلیٰ پرویز خٹک، سابق وفاقی وزیر زبیدہ جلال نے بھی بیان ریکارڈ کروایا۔190 ملین پاؤنڈ ریفرنس میں گزشتہ سال 27 فروری کو فرد جرم عائد کی گئی تھی۔

بقیہ 6 بقیہ جات

متضاد بیانات کی وجہ سے ان کی نیت پر شک نظر آتا ہے۔

بقیہ 7 بقیہ جات

جنگ کے دوران اب تک 45227 فلسطینیوں کو اسرائیلی فوج قتل کرنے میں کامیاب ہو چکی ہے۔غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ اعداد و شمار غزہ میں قائم وزارت صحت نے جاری کیے۔وزارت صحت کے مطابق پچھلے چوبیس گھنٹوں کے دوران 21 فلسطینیوں کو اسرائیلی فوج نے غزہ میں بمباری کر کے قتل کیا۔غزہ میں اب تک زخمی فلسطینیوں کی تعداد 107573 ہو چکی ہے۔خیال رہے اسرائیلی فوج نے اس فلسطینی نسل کشی کے لیے جاری اپنی جنگ میں سب سے زیادہ فلسطینی بچوں اور عورتوں کو قتل کیا ہے۔

بقیہ 8 بقیہ جات

محمد اورنگزیب اور وزیر تجارت جام کمال خان کو آگاہ کیا کہ ہاتھ سے بنے قالینوں کی صنعت کا پاکستان کے لئے قیمتی زرمبادلہ لانے میں کلیدی کردار رہا ہے تاہم گزشتہ کئی سالوں سے اس صنعت کو نظر انداز کرنے اور درپیش مسائل حل نہ ہونے کی وجہ سے اس کی برآمدات تنزلی کا شکار ہیں۔رہنماؤں نے وفاقی وزراء کو افغانستان سے آنے والے جزوی تیار خام مال کے لئے طورخم بارڈر پر کاٹوں کے حوالے سے تفصیلی آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ کئی ماہ سے درپیش اس صورتحال کی وجہ سے مینوفیکچررز اور برآمد کنندگان غیر ملکی آرڈرز تیار کر کے انہیں معاہدے کے مطابق برآمد نہیں کر پا رہے جس سے نہ صرف ہماری ساکھ بری طرح متاثر ہو رہی ہے بلکہ اس سے برآمدات میں بھی مزید کمی کا رجحان ہے۔پی سی ایم ای اے کے وفد نے وفاقی وزراء کو اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے سرکلر ایف ای 2/2023 کی وجہ سے برآمد کنندگان کو درپیش مشکلات پر بھی اپنے تحفظات سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ اکثر تکنیکی مسائل پیدا ہونے کی وجہ سے برآمدی رقوم کے حصول میں مقررہ مدت سے زیادہ وقت لگ جاتا ہے جس پر 3 سے 9 فیصد کا غیر معمولی جرمانہ غیر منطقی ہے۔اس سرکلر کے ذریعے 30 روز پر 3 فیصد، 31 سے 60 روز کی تاخیر پر 6 فیصد جبکہ اس سے اوپر 9 فیصد کا جرمانہ رکھا گیا ہے، مطالبہ ہے اس سرکلر کو فی الفور واپس لیا جائے کیونکہ بھاری جرمانوں سے برآمد کنندگان پر غیر ضروری مالی بوجھ بڑھ رہا ہے۔وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اور وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا کہ ایسی تمام صنعتیں جو پاکستان کے لئے برآمدات کی صورت میں قیمتی زرمبادلہ لانے کا ذریعہ ہیں انتہائی اہمیت کی حامل ہیں۔وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے یقین دہانی کرائی کہ پی سی ایم ای اے کے وفد کی جانب سے طورخم بارڈر سمیت دیگر جن مسائل اور مشکلات سے آگاہ کیا گیا ہے انہیں جلد سے جلد حل کرنے کی بھرپور کوشش کی جائے گی تاکہ برآمدات متاثر نہ ہوں۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف کی واضح ہدایات ہیں کہ ہم نے برآمد کنندگان کے مسائل کو حل اور انہیں سہولیات فراہم کرنی ہیں تاکہ ہماری برآمدات کا حجم بڑھ سکے۔حکومت برملا تسلیم کرتی ہے کہ برآمدات بڑھائے بغیر پاکستان کے معاشی مسائل حل نہیں ہو سکتے۔وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا کہ پی سی ایم ای اے کا وفد پہلے بھی ملاقات کر چکا ہے اور مسائل کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال ہوا ہے، ہم صنعتوں کے نمائندوں سے رابطے جاری رکھیں گے تاکہ مسائل کو جلد سے جلد حل کیا جاسکے۔

بقیہ 9 بقیہ جات

مشکل ہے۔انہوں نے کہا کہ مدارس کی رجسٹریشن میں تمام فریقین کو ذمے داری کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ ملک پر نااہل لوگ مسلط ہیں، جس سے ملک مسائل کا گڑھ بنتا جارہا ہے۔حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ چہرے بدلنے سے حالات ٹھیک نہیں ہوں گے، اجتماعی جدوجہد سے نظام بدلنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ امریکا اسرائیل مل کر فلسطین میں مسلمانوں پر مظالم ڈھا رہے ہیں۔

بقیہ 10 بقیہ جات

سب ہیں،سپیکر قومی اسمبلی کی کاوش کو سراہتا ہوں

بقیہ 11 بقیہ جات

ایک انٹرویو میں دورانِ گفتگو عمر ایوب سے سوال کیا گیا کہ مذاکراتی کمیٹی سے متعلق کیا کہیں گے؟ انہوں نے کہا کہ ہمارے مطالبات حکومت کے سامنے ہیں، ڈیمانڈ آئی تو اس پر سوچیں گے، دیکھنا ہوگا یہ کمیٹی بااختیار ہے یا نہیں۔عمر ایوب نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے کمیشن بنانے کا مطالبہ سامنے رکھا ہے۔پی ٹی آئی کے رہنما سے سوال کیا گیا کہ کیا کمیٹی کی تشکیل کے بعد سول نافرمانی کی تحریک وقتی طور پر موجود ہوسکتی ہے؟ عمر ایوب خان نے کہا کہ تحریک سے متعلق تمام فیصلوں کا اختیار بانیء پی ٹی آئی کو حاصل ہے، تحریک سے متعلق حتمی فیصلہ یا کال کی واپسی کا اختیار بانی پی ٹی آئی کا ہے۔انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کے بعد ہی اس پر کوئی مؤقف یا رائے دی جاسکتی ہے۔

بقیہ 12 بقیہ جات

مطابق پاکستان میں مقامی انجینئرز کا چینی کمپنیوں کے ساتھ کام کا تجربہ ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو فروغ دے رہا ہے تاکہ وہ چینی یا دیگر کمپنیوں کے ساتھ بیرون ملک روزگار کے بہتر مواقع حاصل کرسکیں۔پاکستانی انجینئرز کو نہ صرف جدید انجینئرنگ ٹیکنالوجی سیکھنے کا موقع ملا ہے بلکہ چینی کمپنیوں کی دنیا بھر میں موجودگی کی وجہ سے انہیں عالمی سطح پر جانکاری کا موقع بھی حاصل ہوا ہے۔گوادر پرو نے پاکستان میں چینی کمپنیوں کے ساتھ تجربہ حاصل کرنے کے بعد اب سعودی عرب میں کام کرنے والے چند ایسے پاکستانی پروفیشنلز سے بات کی۔ماؤنٹین رنگ ٹنل پراجیکٹ نیوم میں چائنا اسٹیٹ کنسٹرکشن انجینئرنگ کارپوریشن کے جیوٹیکنیکل انجینئر کاشف وحید نے صوبہ خیبر پختونخواہ میں بالاکوٹ اور جبوری ہائیڈرو پاور منصوبوں میں چائنا گیزوبا گروپ اور پاور چائنا کے ساتھ کام کیا۔گوادر پرو کے مطابق انجینئر زینت اللہ نے چائنا ریلوے کنسٹرکشن کارپوریشن (سی آر سی سی) کے ساتھ پاکستان میں بزنس ڈیولپمنٹ انجینئر کی حیثیت سے کام کیا۔بعد ازاں انہوں نے 2018 میں سرکاری شعبے میں شمولیت اختیار کی، 2022 میں وہ سعودی عرب منتقل ہوگئے اور سی آر سی سی میں دوبارہ نیوم میں ٹنل انجینئر کے طور پر ملازمت حاصل کی۔انجینئر زینت نے گوادر پرو کو بتایا کہ اب میں نیوم کلائنٹ کیلئے کام کرتا ہوں لیکن جب بھی موقع ملے گا میں سی آر سی سی میں جانے کے لئے تیار ہوں کیونکہ بھرپور کمپنی کلچر اور چینی فرموں میں پیشہ ورانہ ترقی کے وسیع مواقع موجود ہیں۔زینت نے کہا کہ پاکستان میں ہائیڈرو پاور منصوبوں پر چینی کمپنیوں کے ساتھ کام کرنے والے ٹنل انجینئرز نے نیوم میں کام کرنے والی چینی کمپنیوں کے ساتھ غیر معمولی مواقع سے فائدہ اٹھایا۔اسلامیہ کالج یونیورسٹی پشاور سے بی ایس الیکٹرونکس کرنے والے وقار محمود نے گوادر پرو کو بتایا کہ چین سے تھوڑا سا رابطے نے ان کے کیریئر کے اہداف کے حصول میں بہت بڑا کردار ادا کیا ہے۔گوادر پرو کے مطابق 2017 میں مجھے 4 ماہ کے چینی زبان کے کورس کے لئے منتخب کیا گیا تھا جو میرے لئے ایک اہم موڑ ثابت ہوا، میں نے شانڈ ونگ نرمل یونیورسٹی سے ایچ ایس کے تھری پاس کیا اور جلد ہی 2018 میں اسلام آباد میں سی آر سی سی میں ملازمت حاصل کر لی، رواں سال مجھے اسکالرشپ ملی جس کے تحت میں نے شانڈ ونگ یونیورسٹی آف فنانس اینڈ اکنامکس سے انجینئرنگ مینجمنٹ میں ایم ایس کیا۔واپسی پر مجھے سی آر سی سی نے قطر میں لوسیل اسٹیڈیم منصوبے میں 4 ماہ کے لئے تعینات کیا۔ستمبر میں، سی آر سی سی نے مجھے سائٹ انجینئر کے طور پر اپنے نیوم پروجیکٹ میں تعینات کیا، جہاں میں نے ورکرز ویلفیئر اور پروکیورمنٹ محکموں میں بھی کام کیا۔اب میں ریاض میں دیریہ گیٹ 2 منصوبے پر سی آر سی سی کے ساتھ پروکیورمنٹ منیجر کی حیثیت سے تقرری کا انتظار کر رہا ہوں۔گوادر پرو کے مطابق وقار یونس نے کہا کہ چینی کمپنیوں کے ساتھ کام کرنے کا موقع پانے والے ان کے ساتھی بھی چینی یا دیگر کمپنیوں کے ساتھ باوقار عہدوں پر کام کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ہمارے کئی دیگر بیچ فیلوز بھی چین میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں یا کام کر رہے ہیں۔

بقیہ 13 بقیہ جات

کہا کہ ملک دشمن بھی ایسا کام نہیں کر سکتے تو ان مجرموں نے کیا، مجرموں کو سزائیں ہوں گی تو لوگ مستقبل میں ایسے اقدام نہیں کرسکیں گے، سیاست اپنی حدود میں رہ کر کی جاتی ہے یہ نہیں ہوسکتا کہ غصہ آجائے تو جی ایچ کیو پر حملہ کر دیا جائے۔انہوں نے کہا کہ معاشرے میں غلط لوگوں کو سزا ہونے تک معاشرہ بہتر نہیں ہوسکتا۔فیصل کریم کنڈی نے مزید کہا کہ ابھی تو سال ہی گزرا ہے عشق کے امتحان اور بھی ہیں، ذوالفقار علی بھٹو کو پھانسی ہوئی وہ اور ان کے کارکن روئے نہیں، آصف علی زرداری نے 11 سال جبکہ بے نظیر بھٹو نے 7 سال جیل کاٹی لیکن اف تک نہ کی، انہیں ایک سال جیل میں ہوا اور مگر مچھ کے آنسو رو رہے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ آپ نے جو کرتوت کیے ہیں اس کی سزا ملے گی، آپ نے کوئی غلط کام نہیں کیا تو عدالتوں میں جا کر ثابت کریں، یہ پہلے کسی سے ہاتھ نہیں ملاتے تھے اب پاؤں پڑ رہے ہیں، انہیں این آر او چاہیے جو کسی صورت نہیں ملے گا، پہلے بات نہیں کرنا چاہتے تھے اور اب یوٹرن مار کر پاؤں پڑ رہے ہیں۔گورنر کے پی نے کہا کہ پی ٹی آئی میں اختلافات کھل کر سامنے آگئے تینوں ترجمان الگ بات کرتے ہیں، بشریٰ بی بی نے جو کرتوت پنجاب میں کیے اب کے پی میں ہو رہے ہیں، ہمیں نہیں معلوم بڑے جھوٹے وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور ہیں یا بشریٰ بی بی۔علی امین گنڈاپور کا کہنا تھا بشریٰ بی بی کو میں لے کر گیا تھا جبکہ خاتون کہتی ہیں میں وہاں بے سروسامانی کے عالم میں کھڑی رہی۔علی امین گنڈاپور نے قسم کھائی تھی عمران خان کو لیے بغیر نہیں جائیں گے۔بشریٰ بی بی نے کہا تھا کسی صورت کارکنوں کو نہیں چھوڑوں گی۔اب دیکھنا ہے ان دونوں میں بڑا جھوٹا کون ہے؟

بقیہ 14 بقیہ جات

ہے کہ لاہور کے لئے 27 الیکٹرک بسوں کی پہلی کھیپ بہت جلد لاہور کیلئے روانہ کی جائے گی۔پاکستان آنے کے بعد معمول کی جانچ پڑتال اور ٹیسٹ کے بعد الیکٹرک بسوں کو مختلف روٹس پر چلایا جائے گا۔پنجاب حکومت مختلف اضلاع کے لئے ماحول دوست 600 الیکٹرک بسیں خریدے گی۔

بقیہ 15 بقیہ جات

بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ قومی مسائل پر جو بھی بات کرنا چاہے، ہماری انا کبھی رکاوٹ نہیں بنے گی مگر کسی کا یہ خیال ہے کہ مذاکرات کے نتیجے میں آپ کو آپ کے جرائم کی سزا سے چھوٹ مل جائے گی تو ایسا نہیں ہوگا۔پریس کانفرنس کرتے ہوئے بلال اظہر کیانی نے کہا کہ 9 مئی میں جو بھی ملوث ہے اسے سزا ملنی چاہیے، ان جرائم کی سزا میں تاخیر میں بھی میری نظر میں جرم ہے۔انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی بھی 9 مئی اور 190 ملین پاؤنڈ کیس کے مجرم ہیں، انہیں ان کیسز میں سزائیں ملنی چاہئیں۔بلال کیانی نے کہا کہ قومی معاملات پر مذاکرات کے لیے پی ٹی آئی سمیت کسی سے بھی مذاکرات کے لیے تیار ہیں، ہم تسلیم کرتے ہیں کہ پی ٹی آئی قومی اسمبلی میں اپوزیشن جماعت ہے اور خیبر پختونخوا اسمبلی آپ کے پاس ہے، اس حیثیت میں دہشت گردی کے خاتمے اور معاشی استحکام کے لیے اگر آپ کوئی بات کرنا چاہتے ہیں جس سے ملک کی بہتری ہو تو ہم کسی بھی وقت بات چیت کے لیے تیار ہیں۔بلال اظہر کیانی نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز آئے روز منصوبوں کا آغاز کرتی ہیں، ترقی ہمیشہ مسلم لیگ ن کے دور میں ہی ہوتی ہے، تحریک انصاف نے ہمیشہ تختیاں لگا کر منصوبے چھوڑ دیے، پی ٹی آئی ہمیشہ تختیاں لگائی، دعوے کیے، لیکن ملک کو کھنڈر بنا دیا۔انہوں نے کہا کہ ملک کی معاشی بہتری کا سفر جاری ہے، پالیسی ریٹ مین نمایاں کمی کی گئی، مہنگائی کی شرح کم ہو کر گزشتہ 6 سال کی کم ترین سطح پر آگئی۔

بقیہ 16 بقیہ جات

متضاد بیانات کی وجہ سے ان کی نیت پر شک نظر آتا ہے۔

بقیہ 17 بقیہ جات

بیرسٹر گوہر نے حکومتی مذاکراتی کمیٹی کی تشکیل کا خیر مقدم کرتے ہوئے حکومت کی جانب سے کمیٹی کی تشکیل کو خوش آئند قرار دے دیا۔بیرسٹر گوہر نے ایک بیان میں کہا کہ ہم حکومت کی جانب سے کمیٹی کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہیں، کمیٹی کی تشکیل خوش آئند بات ہے، حکومت اور پی ٹی آئی کے مزاکرات جامع اور نتیجہ خیز ہونے چاہئیں۔انہوں نے کہا کہ امید ہے کم سے کم وقت میں تمام مسائل کا نتیجہ خیز حل نکل آئے گا، دونوں کمیٹیوں میں سنجیدہ لوگ ہیں، مزاکرات آگے ضرور بڑھیں گے، پر امید ہیں کہ اب مزاکراتی عمل شروع ہونے جارہا ہے۔

بقیہ 18 بقیہ جات

سطح کے رجحانات کی نشاندہی کرنے کیلئے نتائج کا جائزہ لیا گیا۔رپورٹ کے مطابق ووٹوں اور سیٹوں کے تقابلی پارٹی شیئر کے لحاظ سے پی ٹی آئی، مسلم لیگ ن، اور پیپلز پارٹی نے اپنے حصے سے زیادہ قومی اور صوبائی نشستیں حاصل کیں۔ فافن کے مطابق قومی انتخابات میں تین جماعتوں پی ٹی آئی، مسلم لیگ ن اور پی پی پی نے زیادہ ووٹ لئے۔سندھ کو قومی اور صوبائی اسمبلی کی نشستوں میں نمایاں طور پر زیادہ حصہ ملا۔ فافن رپورٹ کے مطابق بلوچستان میں قومی سطح کی جماعتوں نے اپنے ووٹوں کا حصہ بڑھایا ہے، پنجاب میں قومی اور صوبائی اسمبلی کے انتخابات میں نون لیگ اور پی ٹی آئی میں مقابلہ رہا، پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز نے سندھ جبکہ پاکستان تحریک انصاف نے خیبر پختونخوا میں اپنی گرفت مضبوط کی۔رپورٹ کے مطابق قومی اسمبلی کی نشستوں پر صوبائی ٹرن آؤٹ نصف فیصد سے تجاوز کر گیا، مجموعی طور پر قومی اسمبلی کے انتخابات میں 448,943 ووٹ زیادہ پول ہوئے، قومی اور صوبائی انتخابات کیلئے کل، درست اور غلط ووٹوں میں فرق تھا، صوبائی انتخابات کے نتائج میں غلط ووٹوں کی تعداد مسترد شدہ ووٹوں کی تعداد سے تجاوز کر گئی۔تحریک لبیک پاکستان کو پنجاب اسمبلی میں پانچ فیصد ووٹ لینے کے باوجود صرف ایک نشست ملی جبکہ قومی اسمبلی کے لئے بھی پانچ فیصد ووٹ لینے کے باوجود کوئی نشست نہ مل سکی۔سندھ میں متحدہ قومی موومنٹ نے 16 فیصد ووٹ لے کر صوبائی اسمبلی کی 20 فیصد نشستیں جیت لیں، دس فیصد ووٹ لے کر قومی اسمبلی کی 13 فیصد نشستیں جیت لیں۔بلوچستان میں مسلم لیگ ن نے 13 فیصد ووٹ لے کر صوبائی اسمبلی کی 24 فیصد نشستیں حاصل کیں، بلوچستان میں مسلم لیگ ن نے 14 فیصد ووٹ لے کر قومی اسمبلی کی 25 فیصد نشستیں حاصل کیں، بلوچستان میں مسلم لیگ ن اور پی پی پی نے اپنی نشستوں کے مقابلے میں نمایاں طور پر زیادہ نشستیں حاصل کیں۔پنجاب میں پی ٹی آئی نے 31 فیصد ووٹ لے کر صوبائی اسمبلی کی 37 فیصد نشستیں جیت لیں، پنجاب میں پی ٹی آئی نے 35 فیصد ووٹ لے کر قومی اسمبلی کی 38 فیصد نشستیں جیت لیں۔پنجاب میں مسلم لیگ ن نے 32 فیصد ووٹ لے کر صوبائی اسمبلی کی 47 فیصد نشستیں جیت لیں۔پنجاب میں مسلم لیگ ن نے 34 فیصد ووٹ لے کر قومی اسمبلی کی 48 فیصد نشستیں جیت لیں۔رپورٹ کے مطابق سندھ میں پیپلز پارٹی نے 46 فیصد ووٹ لے کر صوبائی اسمبلی کی 65 فیصد اور قومی اسمبلی کی 72 فیصد نشستیں جیت لیں۔ خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی نے 38 فیصد ووٹ لے کر صوبائی اسمبلی کی 75 فیصد نشستیں حاصل کیں جبکہ 45 فیصد ووٹ حاصل کر کے قومی اسمبلی کی 80 فیصد نشستیں حاصل کیں۔

بقیہ 19 بقیہ جات

پی این ایس رسد گار اور پی این ایس عظمت کا کویت کی بندرگاہ الشوئخ (Al Shuwaikh) جبکہ پاکستان میری ٹائم سکیورٹی ایجنسی کے جہاز دشت نے عراق کی بندرگاہ ام قصر (Umm Qasr) کا دورہ کیا۔ترجمان پاک فوج کا کہنا تھا کہ دونوں بندرگاہوں پر آمد کے موقع پر پاکستانی سفارتی اور میزبان بحریہ کے اعلیٰ حکام نے پاک بحریہ کے جہازوں کا پرتپاک استقبال کیا۔مشن کمانڈر نے جہازوں کے کمانڈنگ آفیسرز کے ہمراہ دونوں ممالک کی بحری قیادت سے ملاقاتیں کیں، ملاقاتوں کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، میری ٹائم سکیورٹی میں تعاون، بحری افواج کے مابین رابطے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔بعد ازاں کویتی اور عراقی بحریہ کے جہازوں کے ساتھ بحری مشقیں بھی کی گئیں، مشقوں کا مقصد بحری افواج کے درمیان باہمی تعاون کو بہتر بنانے اور مشترکہ آپریشنز کی صلاحیت کو فروغ دینا تھا۔آئی ایس پی آر کے مطابق پاک بحریہ کے فلوٹیلا کا کویت اور عراق کا دورہ دوست ممالک کے ساتھ موجودہ سفارتی اور بحری تعلقات کو مزید فروغ دے گا۔

بقیہ 20 بقیہ جات

کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ پارٹی کی جانب سے میڈیا پر بیان جاری کرنے یا ٹی وی ٹاک شوز میں شرکت کے مجاز نہیں ہیں۔گزشتہ روز اس حوالے سے باضابطہ اعلان پارٹی کے چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان نے وکلا کے ہمراہ اڈیالہ جیل راولپنڈی میں سابق وزیراعظم اور بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات کے بعد کیا۔ملاقات کے دوران عمران خان نے پارٹی امور کے حوالے سے خصوصی ہدایات جاری کیں اور پارٹی چیئرمین کو ہدایت کی کہ وہ فواد چوہدری سے عوامی طور پر علیحدگی اختیار کرلیں کیونکہ وہ پہلے ہی پارٹی چھوڑ چکے ہیں۔اس حوالے سے جب سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری سے رابطہ کیا گیا تو انہوں نے کہا کہ وہ اس پر کوئی تبصرہ نہیں کرسکتے۔انہوں نے دعویٰ کیا کہ عمران خان نے خود انہیں ہدایت کی ہے کہ وہ پارٹی کے موجودہ عہدیداروں کی جانب سے ان پر کی جانے والی کسی بھی تنقید کا جواب نہ دیں۔انہوں نے کہا کہ جب تک میں عمران خان سے ملاقات نہیں کرتا اور وجہ نہیں جانتا، میں کوئی تبصرہ نہیں کرسکتا کیونکہ بانی پی ٹی آئی نے مجھے خصوصی طور پر ہدایت کی ہے کہ موجودہ عارضی عہدے داروں کی جانب سے کسی بھی تنقید یا بیان کا جواب نہ دیں۔انہوں نے کہا کہ میں عمران خان کے ساتھ ہوں اور اس بات کی پرواہ نہیں کرتا کہ گوہر خان یا سلمان راجا میرے موقف کے بارے میں کیا کہتے ہیں۔

بقیہ 21 بقیہ جات

ملنے کے لیے تیار ہوں، ان سے کہوں گا کہ ملکی مفاد کی خاطر بیٹھیں اور بات کریں، 21 اکتوبر 2023 کو نواز شریف کی لندن سے وطن واپسی پر خوداستقبال کے لیے نہیں گیا، اس روز میں لاہور میں ایک دوست کی شادی پر گیا تھا، اگر جھوٹ بولنا ہوتا تو کہہ دیتا کہ ٹریفک جام کی وجہ سے پہنچ نہیں سکا۔ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ خرم دستگیر کو ایک برس سے نواز شریف سے ملاقات کا وقت نہ ملنے کی شکایت نہیں کرنی چاہیے تھی کیونکہ ایسی باتیں پارٹی کے اندر کرنی چاہئیں میڈیا پر نہیں، ہوسکتا ہے نواز شریف اور خرم دستگیر ناراض ہوں یا ان کے پاس ملاقات کا وقت نہ ہو۔ایک سوال کے جواب میں شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ سب سیاسی جماعتوں کو مل کر بیٹھنا چاہیے، میں اڈیالہ جیل جا کر عمران خان سے ملنے کے لیے بھی تیار ہوں، ان سے کہوں گا کہ ملکی مفاد کی خاطر بیٹھیں اور بات کریں۔انہوں نے کہا کہ میرا شہباز شریف کی سوچ سے اتفاق نہیں لیکن ان سے ملنے کے لیے بھی تیار ہوں، اس وقت کوئی ملک کے لیے نہیں سوچ رہا، سب کو اپنا اقتدار عزیز ہے۔شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ میں نے 2023 میں نواز شریف کو بتا دیا تھا کہ مجھے آپ کی پالیسی سے اتفاق نہیں کیونکہ آپ نے ووٹ کو عزت دو کا نعرہ چھوڑ کر اقتدار کو گلے لگا لیا ہے، اس لیے اب مسلم لیگ (ن) کے پلیٹ فارم سے انتخابات میں حصہ نہیں لوں گا۔اپنے حلقے میں مسلم لیگ (ن) میں نے ہی بنائی، جب پارٹی نے پوچھا کہ حلقے سے کس کو الیکشن لڑانا چاہیے تو میں نے نام دیا تھا لیکن پھر اس کو ٹکٹ نہیں دیا گیا۔انہوں نے کہا کہ مجھے الیکشن سے قبل ہی اندازہ تھا کہ ملک میں بہت بڑی خرابی ہونے جارہی ہے اسی لیے انتخابات میں حصہ نہیں لیا۔انہوں نے کہا کہ 21 اکتوبر 2023 کو نواز شریف کی لندن سے وطن واپسی پر خوداستقبال کے لیے نہیں گیا، اس روز میں لاہور میں ایک دوست کی شادی پر گیا تھا، اگر جھوٹ بولنا ہوتا تو کہہ دیتا کہ ٹریفک جام کی وجہ سے پہنچ نہیں سکا۔ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ خرم دستگیر کو ایک برس سے نواز شریف سے ملاقات کا وقت نہ ملنے کی شکایت نہیں کرنی چاہیے تھی کیونکہ ایسی باتیں پارٹی کے اندر کرنی چاہئیں میڈیا پر نہیں، ہوسکتا ہے نواز شریف اور خرم دستگیر ناراض ہوں یا ان کے پاس ملاقات کا وقت نہ ہو۔ایک سوال کے جواب میں شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ سب سیاسی جماعتوں کو مل کر بیٹھنا چاہیے، میں اڈیالہ جیل جا کر عمران خان سے ملنے کے لیے بھی تیار ہوں، ان سے کہوں گا کہ ملکی مفاد کی خاطر بیٹھیں اور بات کریں۔انہوں نے کہا کہ میرا شہباز شریف کی سوچ سے اتفاق نہیں لیکن ان سے ملنے کے لیے بھی تیار ہوں، اس وقت کوئی ملک کے لیے نہیں سوچ رہا، سب کو اپنا اقتدار عزیز ہے۔شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ میں نے 2023 میں نواز شریف کو بتا دیا تھا کہ مجھے آپ کی پالیسی سے اتفاق نہیں کیونکہ آپ نے ووٹ کو عزت دو کا نعرہ چھوڑ کر اقتدار کو گلے لگا لیا ہے، اس لیے اب مسلم لیگ (ن) کے پلیٹ فارم سے انتخابات میں حصہ نہیں لوں گا۔اپنے حلقے میں مسلم لیگ (ن) میں نے ہی بنائی، جب پارٹی نے پوچھا کہ حلقے سے کس کو الیکشن لڑانا چاہیے تو میں نے نام دیا تھا لیکن پھر اس کو ٹکٹ نہیں دیا گیا۔انہوں نے کہا کہ مجھے الیکشن سے قبل ہی اندازہ تھا کہ ملک میں بہت بڑی خرابی ہونے جارہی ہے اسی لیے انتخابات میں حصہ نہیں لیا۔انہوں نے کہا کہ 21 اکتوبر 2023 کو نواز شریف کی لندن سے وطن واپسی پر خوداستقبال کے لیے نہیں گیا، اس روز میں لاہور میں ایک دوست کی شادی پر گیا تھا، اگر جھوٹ بولنا ہوتا تو کہہ دیتا کہ ٹریفک جام کی وجہ سے پہنچ نہیں سکا۔ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ خرم دستگیر کو ایک برس سے نواز شریف سے ملاقات کا وقت نہ ملنے کی شکایت نہیں کرنی چاہیے تھی کیونکہ ایسی باتیں پارٹی کے اندر کرنی چاہئیں میڈیا پر نہیں، ہوسکتا ہے نواز شریف اور خرم دستگیر ناراض ہوں یا ان کے پاس ملاقات کا وقت نہ ہو۔ایک سوال کے جواب میں شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ سب سیاسی جماعتوں کو مل کر بیٹھنا چاہیے، میں اڈیالہ جیل جا کر عمران خان سے ملنے کے لیے بھی تیار ہوں، ان سے کہوں گا کہ ملکی مفاد کی خاطر بیٹھیں اور بات کریں۔انہوں نے کہا کہ میرا شہباز شریف کی سوچ سے اتفاق نہیں لیکن ان سے ملنے کے لیے بھی تیار ہوں، اس وقت کوئی ملک کے لیے نہیں سوچ رہا، سب کو اپنا اقتدار عزیز ہے۔شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ میں نے 2023 میں نواز شریف کو بتا دیا تھا کہ مجھے آپ کی پالیسی سے اتفاق نہیں کیونکہ آپ نے ووٹ کو عزت دو کا نعرہ چھوڑ کر اقتدار کو گلے لگا لیا ہے، اس لیے اب مسلم لیگ (ن) کے پلیٹ فارم سے انتخابات میں حصہ نہ

مذاکرات کے قائل سیاسی دہشت گردی نہیں چل سکتی، عطاتارڑ

بیرون ملک سے پاکستان کے خلاف ٹرینڈ چلائے جارہے ہیں‘9 مئی ناقابل معافی جرم ہے،ماسٹر مائنڈ کو بھی سزا ہوگی‘وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات

انتشار اور تقسیم کی سیاست پر یقین نہیں رکھتے،سیاسی جماعتیں بعد میں پاکستان پہلے اختلافات سیاستدانوں سے کریں،شہداء کیساتھ دشمنی کیوں؟خطاب

لاہور(این این آئی)وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ ہم سیاسی مذاکرات کے قائل ہیں لیکن سیاسی دہشت گردی نہیں چل سکتی۔سیاست کی آڑ میں ملک پر حملے کئے گئے، 9 مئی ناقابل معافی جرم ہے، ماسٹر مائنڈ کو بھی سزا ہوگی، 9 مئی کو شہداء کی یادگاروں کو مسمار کیا گیا، بیرون ملک سے پاکستان کے خلاف ٹرینڈ چلائے جا رہے ہیں۔لاہور میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ انتشار اور(بقیہ نمبر 9 5)

وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ مشیر اطلاعات بیرسٹر سیف ڈپٹی ڈائریکٹر انفارمیشن کو تعریفی سرٹیفکیٹ دے رہے ہیں

اسلامی جمعیت طلبہ پاکستان کا 77واں یوم تاسیس (آج) منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) اسلامی جمعیت طلبہ پاکستان کا 77واں یوم تاسیس (آج) 23دسمبر کو منایا جائے گا یوم تاسیس کے سلسلے میں فیصل آباد سمیت ملک بھر میں اسلامی جمعیت طلبہ کے زیر اہتمام مختلف تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا۔اسلامی جمعیت طلبہ پاکستان کی بنیاد برصغیر کے عظیم مفکر مولانا سیّد ابوالاعلیٰ مودودی نے 23دسمبر 1947ء کو رکھی تھی۔اسلامی جمعیت طلبہ کے سابق رہنماؤں میں مخدوم جاوید ہاشمی،موجودہ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم ،سابق امیر جماعت اسلامی سیّد(بقیہ نمبر 6 5)

لاہور میں 8 گھنٹوں کے دوران آگ لگنے کے 4 واقعات ہوئے

خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

لاہور(این این آئی)صوبائی دارالحکومت لاہور میں 8 گھنٹوں کے دوران آگ لگنے کے 4 واقعات ہوئے تاہم خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ ریسکیو حکام کے مطابق شفیق آباد، امین پارک بند روڈ پر گودام میں آتشزدگی کے واقعات ہوئے ،سمن آباد، شاپ چوک کے قریب مکان کی بالائی منزل پر آگ لگنے سے گھریلو سامان جل گیا،لٹن روڈ، پونچھ روڈ پر فوٹو کاپی کی دکان میں آگ لگنے سے ضروری ساز وسامان جل گیا،

عمران خان کے بغیر پاکستان کی سیاست آگے نہیں بڑھ سکتی‘مسرت چیمہ

مسلم لیگ(ن)،پیپلز پارٹی کی سیاست حالت نزاع میں ہے‘سینئر رہنما پاکستان تحریک انصاف

لاہور(این این آئی)پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ عمران خان اور پی ٹی آئی سیاسی حقیقت ہیں اس لئے جعلی حکمران جتنی جلدی اس کا ادراک کرلیں گے ان کے اپنے لئے بہتر ہوگا،عمران خان کے بغیر پاکستان کی سیاست آگے نہیں بڑھ سکتی اس لئے نام نہاد جمہوری چمپئن اپنی منفی سوچ کو بدلیں۔اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ اڈیالہ (بقیہ نمبر 5 5)

سویلین کا آرمی ایکٹ کے تحت ٹرائل سول حکومت کی ناکامی ہے‘لیاقت بلوچ

عالمی پابندیاں مدارس سے نہیں حکمرانوں کی کرپشن کی وجہ سے ہیں،نائب امیر جماعت اسلامی

اسلام آباد(این این آئی)نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ سویلین کا آرمی ایکٹ کے تحت ٹرائل سول حکومت کی ناکامی ہے۔لیاقت بلوچ نے اپنے بیان میں کہا کہ عوام کے ووٹ کی عزت نہ ہو تو عدم استحکام بڑھتا ہے۔انہوں نے کہا کہ اتحاد تنظیمات مدارس کے مطالبات پر اتفاق اچھا فیصلہ ہوگا۔نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان نے کہا کہ عالمی پابندیاں مدارس(بقیہ نمبر 5 4)

سول نافرمانی کی تحریک شروع کرنے کا فیصلہ ابھی تبدیل نہیں کیا،شیخ وقاص

جب تک بانی پی ٹی آئی سول نافرمانی کی کال کا فیصلہ نہیں لیتے تب تک کال موجود ہے

پشاور(این این آئی)پاکستان تحریک انصاف کے سیکرٹری اطلاعات شیخ وقاص نے کہا ہے کہ پارٹی کی جانب سے اعلان کردہ سول نافرمانی کی تحریک شروع کرنے کا فیصلہ ابھی تبدیل نہیں کیا گیا،اس حوالے سے اعلان اب بھی برقرار ہے،حتمی فیصلہ عمران خان (آج) پیر کو کریں گے۔پی ٹی آئی کے مرکزی سیکریٹری اطلاعات شیخ وقاص اکرم نے کہا کہ پی ٹی آئی کی جانب سے سول نافرمانی (بقیہ نمبر 5 3)

لاہور،آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور ودیگر سینئر افسران کا انسپکٹر رینک پر پروموٹ ہونیوالے افسران کے ہمراہ گروپ فوٹو

بانی پی ٹی آئی کے پیچھے وہ قوتیں کھڑی جو پاکستان کو مستحکم دیکھنا چاہتی ہیں‘تنویر

دفاعی نظام سے متعلق اچانک باتیں تسلسل لگتا ہے‘نومئی میں ملوث لوگوں کا کیس ملٹری کورٹ میں جاسکتا ہے تو اصل ماسٹر مائنڈ کا کیوں نہیں

ایسی تمام قوتیں سن لیں پاکستان کے عوام اور دفاعی ادارے ارض وطن کے دفاع کیلئے ایک پیج پر ہیں‘وفاقی وزیر صنعت وپیداوار کا خطاب

مریدکے(این این آئی)وفاقی وزیر صنعت وپیداوار رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ امریکہ کی جانب سے پاکستان کے خلاف باتیں ان معاملات کا تسلسل ہیں جو بانی پی ٹی آئی کے پیچھے ہیں اور پاکستان کو دفاعی ، معاشی اور سیاسی اعتبار سے کمزور دیکھنا چاہتی ہیں ۔ممتاز سماجی شخصیت تنظیم الاخوان کے سربراہ حاجی قاری رمضان ،ڈاکٹر احمد عمار آصف اور مرزا عمر یعقوب کی طرف سے پی پی 139 ضمنی الیکشن میں کامیابی کی خوشی میں کیک کاٹنے (بقیہ نمبر 4 9)

آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کے سال 28-2025 کے انتخابات میں ممبرز ووٹ کاسٹ کررہے ہیں

بینظیر بھٹو شہید جمہوریت کی علامت،انکی قربانی ہمیشہ یاد رکھی جائیگی‘رانا جمیل منج

خودمختار پاکستان،بااختیار پارلیمنٹ اور آئین کی حکمرانی کیلئے جدوجہد جاری رکھیں گے‘جنرل سیکرٹری لاہور

رائے ونڈ(این این آئی)پیپلز پارٹی لاہور کے جنرل سیکرٹری رانا جمیل منج نے کہا ہے کہ بے نظیر بھٹو شہید جمہوریت کی علامت، جن کی قربانی ہمیشہ یاد رکھی جائے گی،خودمختار پاکستان،بااختیار پارلیمنٹ اور آئین کی حکمرانی کیلئے جدوجہد جاری رکھیں گے۔انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ بے نظیر بھٹو شہید ایک بہادر خاتون تھیں جنہوں نے جمہوریت کی خاطر اپنی جان دی،شہید محترمہ(بقیہ نمبر 4 7)

چین پاک ماہرین کا نئی اقسام کے پودوں کی افزائش پر مل کر کام جاری

چین اور پاکستان کے درمیان جنگلات سے متعلق تازہ ترین نتائج کا اشتراک

بیجنگ(این این آئی)چین پاک ماہرین نئی اقسام کے پودوں کی افزائش پر مل کر کام کررہے ہیں، دونوں ممالک کے درمیان جنگلات سے متعلق تازہ ترین نتائج کا اشتراک کیا گیا۔چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق چوتھی چین پاکستان ٹراپیکل اینڈ نان ووڈ فاریسٹ سائنس اینڈ ٹیکنالوجی ایکسچینج کانفرنس میں اکنامک فاریسٹ کیلئے مزاحمتی روٹ سٹاک اور گرافٹڈ اور چارے کے پودوں(بقیہ نمبر 4 5)

شہر میں سردی بڑھ گئی،فضائی آلودگی میں بھی اضافہ

دھندے کے باعث موٹرویز کو متعدد مقامات سے بند رکھا گیا،حدنگاہ بہتر ہونے پر کھول دیا گیا

لاہور(این این آئی)صوبائی دارالحکومت لاہور میں دھند کے باعث سردی کی شدت میں بھی اضافہ ہوگیا جبکہ دوسری جانب شہر میں فضائی آلودگی بھی کم نہ ہوسکی،شہر کا اوسط ایئر کوالٹی انڈیکس 295 ریکارڈ کیا گیا۔محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ آئندہ ہفتے بھی خشک سردی جاری رہے گی،شہر لاہور میں آج پیر کے روز بارش متوقع ہے،خشک سردی کے باعث شہریوں میں موسمی امراض زور پکڑنے لگے،(بقیہ نمبر 4 4)

کراچی،چیئرمین روایت ہلال کمیٹی پاکستان کے چیئرمین مولانا عبدالخبیر آزاد بابائے قوم قائداعظم کے مزار پر فاتحہ خوانی کررہے ہیں

ملکہ کوہسار مری میں بجلی کا بریک ڈاؤن،شہر تاریکی میں ڈوب گیا

132 کیوی کی مین لائن ٹرپ کرگئی‘بجلی بندش کے باعث سیاحوں اور مقامی لوگوں کو مشکلات کا سامنا

مری (این این آئی) ملکہ کوہسار مری میں بجلی کا بریک ڈاؤن ہوگیا، 132 کیوی کی مین لائن ٹرپ کرنے سے شہر تاریکی میں ڈوب گیا۔میڈیا رپورٹس کے مطابق مال روڈ،جھیکا گلی، بھوربن،ایکسپریس وے سمیت مری کے دیگر علاقوں میں بجلی بند ہوگئی۔بجلی بندش کے باعث سیاحوں اور مقامی لوگوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔واپڈا حکام کے مطابق 132 کیوی کی مین لائن ٹرپ کرگئی ہے،عملہ فیلڈ میں ہے، بجلی بحال ہونے میں وقت لگ سکتا ہے۔دوسری جانب گوادر کے گرڈ اسٹیشن میں بھی فنی خرابی کے باعث شہر کو بجلی کی فراہمی معطل ہوگئی۔گوادر گرڈ سے منسلک سربندن اور نگور کے علاقے بھی تاریکی میں ڈوب گئے۔کیسکو حکام کے مطابق گرڈ اسٹیشن کا فالٹ دور کرنے کے لیے تربت سے ٹیکنیشن طلب کرلیے(بقیہ نمبر 8 5)

فلسطینی شہداء کی قربانیاں ایک دن ضرور رنگ لائیں گی‘جے یو آئی

عرب ممالک فوری اسرائیل کا معاشی بائیکاٹ کریں اسرائیل سے تجارت فلسطینیوں کیساتھ ظلم ہے

لاہور(این این آئی)امیر جمعیت علمائے اسلام (ف)سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ،صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ فلسطینی شہدا کی قربانیاں ایک دن ضرور رنگ لائیں گی، مسلم ممالک خصوصا عرب ممالک تیل وتجارت کے مضبوط ہتھیار کو اسرائیل کے خلاف استعمال کریں ،عرب ممالک فوری اسرائیل کا معاشی بائیکاٹ کریں ،اسرائیل سے(بقیہ نمبر 5 7)

کراچی،گورنر سندھ کامران ٹیسوری تقریب سے خطاب کررہے ہیں

ن لیگ سندھ کے سینئر رہنما رانا احسان پیپلز پارٹی میں شامل

مجھے عمران نیازی سے اسی اچھے کی امید نہیں ہے،مذاکرات کے موقع پر وہ گلاٹی مارسکتا ہے‘سعید غنی

کراچی(این این آئی)وزیر بلدیات سندھ سعید غنی نے کہا ہے کہ مجھے عمران نیازی سے اسی اچھے کی امید نہیں ہے، مذاکرات کے موقع پر وہ گلاٹی مارسکتا ہے۔ جماعت اسلامی کے رہنماؤں سے درخواست ہے شہریوں کے مسائل کے لیے بات کریں تو شہریوں کے لیے مزید مسائل پیدا کرنے کا سبب نہ بنیں۔کل جنوبی وزیرستان میں دہشت گردوں نے فوجی جوانوں کو شہید کیا،ہم ان شہدا کی ہمت کو سلام پیش کرتے ہیں اور ان جوانوں کے خلاف پروپیگنڈا کرنے والوں کی مذمت کرتے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کے روز مسلم لیگ نون سندھ کے سینئر نائب صدر اور سینٹرل ورکنگ کمیٹی نون لیگ رانا احسان کی پیپلز پارٹی میں شمولیت کے حوالے سے منعقدہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

انصاف کے نظام میں بدلتے وقت کیساتھ اصلاحات ناگزیر ہیں‘پنجاب بار کونسل

جعلی وکلاء،مس کنڈیکٹ کے مرتکب ہونیوالوں کیخلاف 1050 درخواستیں موصول ہوئیں

لاہور(این این آئی)پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین چودھری بابر وحید نے کہا ہے کہ انصاف کے نظام میں بدلتے وقت کے ساتھ اصلاحات ناگزیر ہیں ،اعلیٰ عدلیہ اور ماتحت عدلیہ میں زیر التواء مقدمات کو جلد از جلد نمٹانے کیلئے جنگی بنیادوں پر کام کرنے کی ضرورت ہے،پنجاب بار میں خود احتسابی عمل کا جاری ہے جس کے تحت جعلی اور مس کنڈکٹ کے مرتکب وکلاء کے خلاف کارروائی عمل میں لائی(بقیہ نمبر 2 5)

سول نافرمانی تحریک کو جاری یا موخر کرنیکا فیصلہ بانی کرینگے،شوکت یوسفزئی

سول نافرمانی کی تحریک کا فیصلہ حکومتی کمیٹی کی سنجیدگی سے مشروط ہے،رہنما پی ٹی آئی

پشاور(این این آئی)پاکستان تحریک انصاف رہنما شوکت یوسفزئی نے کہا ہے کہ سول نافرمانی کی تحریک کو جاری رکھنے یا موخر کرنے کا فیصلہ بانی پی ٹی آئی کریں گے۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ حکومتی مذاکراتی کمیٹی کی تشکیل کے بعد بانی پی ٹی آئی کو (آج) پیر کو آگاہ کیا جائے گا۔شوکت یوسفزئی نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی آئندہ کالائحہ عمل دیں گے،سول نافرمانی کی تحریک کا فیصلہ (بقیہ نمبر 1 5)

پشاور:ذاتی دشمنی کی بناء پر فائرنگ سے پانچ افراد قتل،3 زخمی

فائرنگ کا واقعہ پرانی دشمنی اور جائیداد کے تنازع پر فائرنگ کا واقعہ پیش آیا،پولیس

پشاور(مانیٹرنگ ڈیسک)پشاور کے علاقہ پشتخرہ میں ذاتی دشمنی کی بناء پر فائرنگ سے پانچ افراد کو قتل کردیا گیا۔فائرنگ کا واقعہ پرانی دشمنی اور جائیداد کے تنازع پر فائرنگ کا واقعہ پیش آیا۔پولیس کے مطابق اتوار کے روز ذاتی کی دشمنی کی بناء پر پشتخرہ میں فائرنگ ہوئی۔پولیس کے مطابق فائرنگ سے 5 جاں بحق جبکہ 3 زخمی بھی ہوئے ہیں۔پولیس کے مطابق واقعہ کی مختلف پہلوؤں سے تفتیش شروع(بقیہ نمبر 5 0)

بانی پی ٹی آئی انجام سے خوفزدہ ہوکر سول نافرمانی کی تڑیاں لگا رہے ہیں،اختیار ولی

9 مئی کے کرداروں کو عدالتی سزائیں ملنا ملک کی سلامتی کے لیے ضروری ہے

پشاور(مانیٹرنگ ڈیسک)پاکستان مسلم لیگ (ن) خیبر پختون خوا کے ترجمان اختیار ولی خان نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کو اپنا انجام نظر آرہا ہے اس لیے سول نافرمانی کی تڑیاں لگا رہے ہیں۔اختیار ولی خان نے اپنے بیان میں کہا کہ 9 مئی کے کرداروں کو عدالتی سزائیں ملنا ملک کی سلامتی کے لیے ضروری ہے،25 ملزمان کو سزائیں ملنے سے ملک میں قانون اور انصاف کا بول بالا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ جن کو سزا سنائی گئی یہ محض مہرے تھے اصل ماسٹر مائنڈز کو سزا ملنا ازحد ضروری ہے۔مسلم لیگ (ن) خیبر پختون خوا کے ترجمان نے کہا کہ 9 مئی کے مرکزی کردار آج بھی جیل سے سازشیں بن رہے ہیں۔

انسپکٹر رینک پر ترقی پانیوالے افسران کورینک لگانے کی تقریب کا انعقاد

سب انسپکٹر سے انسپکٹر کے عہدے پر ترقی پانے والے 47 افسران کو رینک لگائے گئے

390 انسپکٹرز لیگل، ایچ پی ڈی ایس کے تحت 86 انسپکٹرز بھرتی ہورہے ہیں‘آئی جی

لاہور(این این آئی)انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر سنٹرل پولیس آفس لاہور میں سب انسپکٹر سے انسپکٹر رینک پر ترقی پانے والے افسران کو رینک لگانے کی تقریب منعقد ہوئی۔آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور اور دیگر افسران نے پروموٹ ہونے والے 47 افسران کو انسپکٹر عہدے کے رینک لگائے۔تقریب میں پروموٹ ہونے والے انسپکٹرز کے والدین، بچوں اور اہلخانہ نے خصوصی شرکت کی۔آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور اور دیگر سینئر پولیس افسران نے ترقی پانے والے انسپکٹرز اور ان کے اہل خانہ کو مبارکباد دی۔تقریب میں لاہور، فیصل آباد اور شیخوپورہ کے پروموٹ ہونے (بقیہ نمبر 4 0)

کراچی،گورنر ہاؤس میں طلبہ آئی ٹی کی کلاس لے رہی ہیں

نائس ویلفیئر سوسائٹی کی ساتویں سالگرہ تقریب کا انعقاد،کیک کاٹا گیا

معاشی طور پر مستحکم خواتین ملک وقوم کی ترقی میں اہم کردار ادا کرتی ہیں‘رائے طاہر ستار،سائرہ اقبال

لاہور(این این آئی)معاشرتی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کے کوشاں معروف سماجی تنظیم نائس ویلفیئر سوسائٹی کی ساتویں سالگرہ کی تقریب نائس کے آفس میں منعقد ہوئی جسمیں معروف سماجی شخصیات نے شرکت کی اور ساتویں سالگرہ کا کیک کاٹا گیا۔تقریب میں بن ستار فارما کلر کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور معروف کاروباری وسماجی شخصیت رائے طاہر ستار ، شیخ پرویز،شاہین آپا اور معروف استاد شاعر محمد علی صابری نے شرکت کی اور نائس ووکیشنل ٹریننگ سنٹر کی طالبات اور ٹرانس کمیونٹی کے ہمراہ(بقیہ نمبر 4 2)

گیس کی قیمتوں میں ہونیوالا اضافہ شرمناک ہے:اعجاز چوہدری

ملک بھر میں گیس کی شدید بندش نے عوام کا جینا محال کردیا ہے،رہنما پیپلز پارٹی

مکوآنہ (این این آئی)پاکستان پیپلز پارٹی کے ضلعی صدر محمد اعجاز چوہدری نے کہا ہے کہ موجودہ کمر توڑ مہنگائی میں ن لیگی حکومت کی جانب سے گیس کی قیمتوں میں ہونے والا اضافہ شرمناک ہے ملک بھر میں گیس کی شدید بندش نے عوام کا جینا محال کردیا ہے غریب عوام کے صبر کا امتحان آخر کب تک لیا جاتا رہے گا ایل پی جی مافیا نے غریب عوام کو 320 روپے سے لے کر 350 روپے تک فی کلو سیل کر رہا ہے حکومتی نااہلی اور ضلعی انتظامیہ کی چشم پوشی کے سامنے عوام لوٹ رہی ہے کوئی پوچھنے والا نہیں اور نہ ہی کوئی چیک اینڈ بیلنس کا نظام ہے،جس کی پیپلز پارٹی شدید مذمت کرتی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں(بقیہ نمبر 4 3)

کراچی،صوبائی وزیر بلدیات سعید غنی لیگی رہنما رانا احسان کے پیپلز پارٹی میں شمولیت کے موقع پر پریس کانفرنس کررہے ہیں

لیسکو نے مزید 228 نادہندگان سے 60 لاکھ 76 ہزار روپے سے زائد کی ریکوری کرلی

لاہور(سٹاف رپورٹر)لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی نے نادہندگان سے ریکوری کا عمل تیز کردیا،ایک روز کے دوران 228 نادہندگان سے 60 لاکھ 76 ہزار روپے سے زائد کی ریکوری کی گئی۔ترجمان کے مطابق نادرن سرکل میں 18 نادہندگان سے 10 لاکھ 64 ہزار سے زائد،ایسٹرن سرکل میں 21 نادہندہ سے 67 ہزار روپے سے زائد کی ریکوری کی گئی۔سینٹرل سرکل میں 38 نادہندگان سے 10 لاکھ 80 ہزار روپے سے زائد اور ساتھ سرکل میں 40 نادہندگان سے 95 ہزار روپے سے زائد کی ریکوری کی گئی۔

22 دسمبر سال کا سب سے چھوٹا دن، طویل ترین رات

اسلام آباد(آئی این پی) 22 دسمبر سال 2024 کا چھوٹا ترین دن رہا جبکہ رات طویل ترین رہی۔محکمہ موسمیات کے مطابق 22 دسمبر کو سورج 7 بج کر 6 منٹ پر طلوع ہوکر 5 بج کر 14 منٹ پر غروب ہوا، جس کا کل دورانیہ 10 گھنٹے آٹھ منٹ رہا۔اسی طرح رات کا دورانیہ 13 گھنٹے 52 منٹ رہا۔آج 23 دسمبر سے دن کا دورانیہ بڑھنا اور رات کا دورانیہ کم ہونا شروع ہوجائے گا۔

پنجاب پولیس کے خدمت مراکز شہریوں کو ڈیجیٹل خدمات کی فراہمی میں مصروف عمل

لاہور(سٹاف رپورٹر)پنجاب پولیس کے خدمت مراکز شہریوں کو ڈیجیٹل خدمات کی فراہمی میں مصروف عمل ہیں۔لاہور سمیت صوبہ بھر میں ہر ماہ لاکھوں شہری پولیس خدمت مراکز سے ایک درجن سے زائد پولیسنگ خدمات سے مستفید ہو رہے ہیں۔ترجمان پنجاب پولیس نے پولیس خدمت مراکز کی کارکردگی بارے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ رواں سال کے دوران 25 لاکھ سے زائد شہریوں نے خدمت مراکز سے پولیسنگ سروسز حاصل کی ہیں

علیم خان کی وزیرستان میں دہشتگردی کے واقعہ کی شدید مذمت

دہشتگردی کے عفریت پر قابو پانے کیلئے ساری قوم پاک فوج کے ساتھ کھڑی ہے‘وفاقی وزیر

لاہور(این این آئی)وفاقی وزیر وصدر استحکام پاکستان پارٹی عبدالعلیم خان نے جنوبی وزیرستان میں دہشتگردی کے واقعہ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردی کے عفریت پر قابو پانے کے لئے ساری قوم پاک فوج کے ساتھ کھڑی ہے۔اپنے تعزیتی پیغام میں عبدالعلیم خان نے کہا(بقیہ نمبر 3 5)

شامی حکومت نے کرد جنگجوؤں کا مسئلہ حل نہ کیا خود نمٹیں گے،ترکیہ

گروپ کو شام کے ساتھ ایسا حل تلاش کرنا چاہیے،کیونکہ اب ایک نئی حقیقت موجود ہے،وزیر خارجہ

انقرہ(این این آئی)ترکیہ کے وزیر خارجہ ہاکان فیدان نے کہا ہے کہ اگر شام کی نئی انتظامیہ امریکہ کے اتحادی کرد گروپوں کے بارے میں انقرہ کے خدشات کو دور نہیں کرسکتی ہے جسے وہ دہشت گرد گروپ تصور کرتا ہے تو ترکیہ اپنی سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن اقدام کرے گا۔غیر ملکی(بقیہ نمبر 3 6)

صوبائی وزیر مینش سنگھا روڑہ کو بشپ آزاد مارشل کی جانب سے سالانہ کرسمس کی تقریبات میں خصوصی شیلڈ سے نوازا جارہا ہے

جب تک یہودی فلسطین میں تب تک امن قائم نہیں ہوسکتا‘عبدالغفور حیدری

فلسطین انبیا کی سرزمین ہے،فلسطین پر اسرائیل نے سازش کے تحت قبضہ کیا ہوا ہے

لاہور(این این آئی)مرکزی رہنما جے یو آئی ف عبدالغفور حیدری نے کہا کہ جب تک یہودی فلسطین میں تب تک امن قائم نہیں ہوسکتا۔ مولانا عبدالغفور حیدری کا فلسطین زندہ باد کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہنا تھا کہ فلسطین انبیا کی سرزمین ہے، فلسطین پر اسرائیل نے سازش کے تحت قبضہ کیا ہوا ہے، فلسطینی مسلسل مزاحمت کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جے یو آئی فلسطینیوں کیساتھ اظہار یکجہتی کررہی ہے، نیتن یاہو نے غزہ کے مسلمانوں پر ظلم کی انتہا کردی ہے، امریکا عالمی دہشت گرد ہے، جہاں بھی دہشت گردی ہوتی ہے پیچھے امریکا ہوتا ہے۔ مرکزی رہنما جے یو آئی ف کا کہنا تھا کہ 52 اسلامی ممالک آج تک فلسطین کا مسئلہ حل نہیں کراسکے، جب تک یہودی فلسطین میں تب تک امن قائم نہیں ہوسکتا۔مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ مدارس بل پر ہمارے بھائیوں کو ٹی وی چینل(بقیہ نمبر 3 7)

لاہور،فیشن شو کے دوران ماڈلز ریمپ پر واک کررہی ہیں

پی ٹی آئی نے 4 سال میں نارووال میں ایک اینٹ تک نہیں لگائی‘احسن اقبال

ن لیگ کی حکومت آتی ہے تو ہر طرف ترقی کے منصوبے شروع ہوجاتے ہیں‘آنے والا وقت تعلیم اور ہنر کا دور ہے‘وفاقی وزیر

ہمارا منشور پاکستان کی ترقی ہے،نارووال سپورٹس سٹی کو دوبارہ شروع کررہے ہیں‘نارووال پبلک سکول میں تقریب سے خطاب

نارووال(این این آئی)وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقی احسن اقبال نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کی حکومت آتی ہے تو ہر طرف ترقی کے منصوبے شروع ہو جاتے ہیں، پی ٹی آئی نے 4 سال میں نارووال میں ایک اینٹ تک نہیں لگائی، آنے والا وقت تعلیم اور ہنر کا دور ہے، وہی بچے کامیاب ہوں گے جو انوویشن کے جذبات رکھتے ہوں گے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے نارووال پبلک سکول میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔احسن اقبال (بقیہ نمبر 3 8)

دہشتگردی کیخلاف پاک فوج کی قربانیاں قابلِ فخر ہیں‘سنی علماء کونسل

پوری قوم دہشتگردی کیخلاف پاک فوج اور سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے‘مولانا حافظ حسین احمد

لاہور(این این آئی)صدر سنی علماء کونسل لاہور وصوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ دہشتگردی کے خلاف پاک فوج کی قربانیاں قابل فخر ہیں، پاک فوج کے جوانوں نے خوارج دہشتگردوں کا بہادری سے مقابلہ کر کے قوم کا سر فخر سے بلند کردیا، پوری قوم دہشتگردی کے خلاف پاک فوج اور سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔اپنے جاری بیان میں انہو ں نے کہا کہ خوارج (بقیہ نمبر 3 9)

لاہور،مسیحی خواتین کرسمس کے حوالے سے ٹری تیار کررہی ہیں

سیاست سے عمران خان کو مائنس نہیں کیا سکتا‘محمد حسین

جیل کی صعوبتوں کے باوجود بانی پی ٹی آئی عمران خان کے ماتھے پر شکن اور زبان پر شکوہ نہیں

لاہور(این این آئی))پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما محمد حسین نے کہا ہے کہ سیاست سے عمران خان کو مائنس نہیں کیا سکتا، تاریخ اٹھا کر دیکھ لیں جتنا ظلم پی ٹی آئی کی قیادت اور کارکنان پر کیا گیا ہے اس کی کوئی مثال نہیں ملتی، جیل کی صعوبتوں کے باوجود بانی پی ٹی آئی عمران خان کے ماتھے پر شکن اور زبان پر شکوہ نہیں۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) اپنے دل ودماغ (بقیہ نمبر 4 1)

لاہور‘ہربنس پورہ میں ڈیرے سے شیر باہر نکل آیا،گارڈ نے ہلاک کردیا

شیر گلیوں میں بھاگ رہا تھا،واقعے کا مقدمہ وائلڈ لائف انسپکٹر کی مدعیت میں گارڈ کے خلاف درج

لاہور(این این آئی)لاہور کے علاقے ہربنس پورہ کی ہاؤسنگ اسکیم میں ڈیرے سے شیر باہر نکل آیا۔ہاؤسنگ اسکیم کے گارڈز نے شیر کو گولیاں مار کر ہلاک کردیا۔واقعے کا مقدمہ وائلڈ لائف انسپکٹر کی مدعیت میں گارڈ کے خلاف درج کرلیا گیا۔سوسائٹی میں شہری نے ڈیرے پر شیر پال رکھا تھا، ذرائع کے مطابق شیر گلیوں میں بھاگ رہا تھا۔

راولپنڈی،ایک رکابی میں رکھے گئے پانی سے پرندے اپنی پیاس بجھا رہے ہیں

چتوکی،غباروں میں ہوا بھرنے والا سلنڈر پھٹ گیا،چھ بچے زخمی

چتوکی(مانیٹرنگ ڈیسک)چتوکی کے نواحی علاقے بلہ میں غباروں میں ہوا بھرنے والا سلنڈر پھٹ گیا۔پولیس حکام کے مطابق سلنڈر پھٹنے کے واقعے میں غبارے بیچنے والا محنت کش اور 6 بچے زخمی ہوگئے۔پولیس حکام کے مطابق زخمیوں کو تحصیل ہیڈ کوارٹرز ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔چتوکی کے نواحی علاقے بلہ میں غباروں میں ہوا بھرنے والا سلنڈر پھٹ گیا۔پولیس حکام کے مطابق سلنڈر پھٹنے کے واقعے والا محنت کش اور 6 بچے زخمی ہوگئے۔

فیصل آباد،خواجہ سرا کو دوست نے شراب میں زہر ملا کر قتل کردیا

مکوآنہ (این این آئی)فیصل آباد تھانہ سٹی تاندلیانوالہ کے علاقہ میں خواجہ سرا کو دوست نے شراب میں زہر ملا کر قتل کردیا۔ترجمان فیصل آباد پولیس کے مطابق خواجہ سرا کے لواحقین نے شبہ ظاہر کیا کہ عبدالرحمٰن عرف پری چک نمبر 421 گ ب میں اپنے دوست نعیم کو ملنے گیا جہاں اس کو شراب میں زہر ملا کر قتل کیا گیا۔انہوں نے بتایا کہ سی پی او کامران عادل نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے ایس پی صدر ڈویژن سے رپورٹ طلب کرلی۔ایس پی صدر ڈویژن، ڈی ایس پی تاندلیانوالہ اور پولیس نفری نے موقع پر پہنچ کر مقتول کی لاش کو پوسٹ مارٹم کیلئے ہسپتال منتقل کردیا۔

چمن میں نامعلوم مسلح موٹرسائیکل سواروں کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق،دوسرا زخمی

کوئٹہ(این این آئی)چمن میں نامعلوم مسلح موٹرسائیکل سواروں کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق جبکہ دوسرا زخمی ہوگیا۔لیویز کے مطابق اتوار کو چمن کے علاقے بوغرہ روڈ پر نامعلوم مسلح موٹرسائیکل سواروں کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق جبکہ دوسرا زخمی ہوگیا لیویز نے نعش اور زخمی کو ہسپتال پہنچادیا فوری طور پر جاں بحق اور زخمی کی شناخت نہیں ہوسکی لیویز مزید

مذاکرات کے نتیجے میں جرائم کی سزا سے چھوٹ نہیں ملے گی،بلال ا